آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 07 دسمبر 2020ء بمطابق 20 ربیع الثانی 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 334

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	2:00
عصر	4:00
مغرب	5:45
عشاء	07:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

بھارت دہشتگردی کے حوالے سے پاکستانی وزیر کا جواب دنیا کو نہیں دے سکا

شاہ محمود قریشی

میری رائے میں بائیڈن کی انتظامیہ کی سوچ ٹرمپ انتظامیہ سے مختلف ہے، بائیڈن انتظامیہ تصادم کے بجائے بلکہ مذاکرات کو ترجیح دے گی، میڈیا سے گفتگو

نواز شریف کی صحت ٹھیک ہے، اب انہیں اخلاقی طور پر واپس آ جانا چاہیے این آر او اور کرپشن کی شرط کے علاوہ تمام ایشوز پر مذاکرات کرنے کو تیار ہیں، وزیر خارجہ

پاکستان میں بھی اسرائیل کے حوالے سے قیاس آرائیاں تھیں تاہم اب انہیں دم توڑ دینا چاہیے نواز شریف کی واپسی کے حوالے سے برطانوی حکام سے تبادلہ خیال ہوا ہے

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے حوالے سے بھارت پاکستان کے وزیر کا جواب دنیا کو نہیں دے سکا، میری رائے میں بائیڈن کی انتظامیہ کی سوچ ٹرمپ انتظامیہ سے مختلف ہے، بائیڈن انتظامیہ تصادم کے بجائے بلکہ مذاکرات کو ترجیح دے گی۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ او آئی سی کی قرارداد میں مشترکہ طور پر ہندوستان کی کشمیر پالیسی مسترد کی گئی جب کہ خود ہندوستان میں بھی کشمیر کی پالیسی پر اتفاق رائے نہیں رہا۔ شاہ محمود قریشی بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان چھٹی نیشنل ورکشاپ کے اختتامی تقریب میں محمد ظریف کو سرٹیفکیٹ اور شیلڈ دے رہے ہیں

صحت، تعلیم کیساتھ سیاحت کے فروغ کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے 9 اضلاع میں پی سی آر لیبارٹریز تعمیر کئے جائیں گے جہاں کورونا وائرس کے ساتھ دیگر ضروری ٹیسٹ ہوسکیں گے، 11 اضلاع کے ڈی ایچ کیوز کو ٹیچنگ ہسپتالوں کا درجہ دیا گیا ہے

بلوچستان میں صحت کے شعبے میں بہتری اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے صحت کے شعبے میں بھرتیوں کا بھی اعلان کیا گیا ہے جو بے روزگاری کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوگی

محکمہ صحت میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کیلئے بھرتیاں کی جارہی ہے جس سے بے روزگاری کی شرح میں کمی واقع ہوگی' صوبے میں کورونا وائرس کے ٹیسٹنگ کو وسعت ملے گی' جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کے 9 اضلاع میں پی سی آر لیبارٹریز تعمیر کئے جائیں گے جہاں کورونا وائرس کے ساتھ دیگر ضروری ٹیسٹ ہوسکیں گے، 11 اضلاع کے ڈی ایچ کیوز کو ٹیچنگ ہسپتالوں کا درجہ دیا گیا ہے جس کیلئے 50 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں محکمہ صحت میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کیلئے بھرتیاں کی جارہی ہے جس سے بے روزگاری کی شرح میں کمی واقع ہوگی، انسانی خدمت کے جذبے سے سرشار قافلہ جناح جنرل ایڈ چیسٹ ہسپتال کے طبی و نیم طبی عملے کی کارکردگی قابل تحسین ہے، حکومت بلوچستان صوبے میں صحت تعلیم کے ساتھ ساتھ سیاحت کے فروغ کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے بیان میں کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

گوادر' وفاقی وزیر زبیدہ جلال پاک ایران سرحدی مقام پر بارڈر مارکیٹ قیام کے حوالے سے بات چیت کر رہی ہے

ملک کی 6 بجلی سپلائی کمپنیوں کے بورڈز کو تشکیل دینے کا فیصلہ

وفاقی کابینہ اجلاس میں ممنوعہ بور کے اسلحے و بارود درآمد کرنے کی پالیسی میں نرمی کی تجویز کا جائزہ لیا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ کا اجلاس (کل) منگل کو وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت ہوگا جس کا پندرہ رکنی ایجنڈا تیار کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ اجلاس میں ملک کی 6 بجلی سپلائی کمپنیوں کے بورڈز از سر نو تشکیل دینے کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے، فیسکو، حیسکو، ٹیسکو، لیسکو، پیسکو اور بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پاک فوج کا نشان حیدر پانے والے شہید میجر شبیر شریف کو خراج عقیدت

میجر شبیر شریف شہید کی بہادری حب الوطنی کی علامت ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کی جانب سے نشان حیدر پانے والے شہید میجر شبیر شریف کو خراج عقیدت پیش کیا گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر ڈی جی آئی ایس پی آر کی جانب سے کیے گئے ٹوئٹ میں کہا گیا کہ میجر شبیر شریف شہید کی بہادری حب الوطنی کی علامت ہے۔ آئی ایس پی آر بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر زبیدہ جلال اور وزیر اعلیٰ کی کوششوں سے پاک ایران سرحدی مقامات پر بارڈر مارکیٹ قیام کیلئے عملی اقدامات کا آغاز ہوگیا

گوادر (این این آئی) وفاقی وزیر زبیدہ جلال اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کی کوششوں سے پاک ایران سرحدی مقامات پر بارڈر مارکیٹ قیام کیلئے عملی اقدامات کا آغاز ہوگیا، سیکرٹری انڈسٹریز کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی ڈائریکٹر انڈسٹریز نے وفاقی وزیر وفاقی پیداوار محترمہ زبیدہ جلال، کمشنر مکران ڈویژن طارق قمر اور ڈپٹی کمشنر پنج میجر ریٹرڈ الیاس بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پاکستان کی سالمیت اور مدارس کی بقا پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرینگے، ملک سکندر

جمعیت مساجد مدارس اور اسلامی تشخص کی حفاظت کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگی،

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر اور قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ جمعیت علماء اسلام تحفظ المدارس یونٹ کی چیئرمین رئیسانی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری مولانا راز محمد محمد حسنی مولانا محمد صادق مولانا عبدالحق مولانا عبداللہ احد و دیگر نے کہا کہ جمعیت بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ملتان' وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان، شمالی علاقوں میں پیر سے بارش و پہاڑوں پر برفباری کی پیشگوئی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے شمالی علاقوں میں پیر سے بدھ تک بارش اور پہاڑوں پر برف باری کی پیشگوئی کردی۔ بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ادارہ تحفظ ماحولیات بلوچستان نے ویسٹرن بائی پاس پر آٹھ کرش پلانٹس سیل کردیے

کوئٹہ (این این آئی) ادارہ تحفظ ماحولیات بلوچستان نے ویسٹرن بائی پاس پر آٹھ کرش پلانٹس سیل کردیے یہ کرش پلانٹس محکمہ جنگلات کے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

مملکت خداداد پاکستان مختلف ثقافتوں کا گلدستہ ہے، بشریٰ رند

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند نے سندھی کلچر ڈے کے حوالے سے مبارکباد دیتے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

صوبے میں پی سی آر لیبز قائم کی جائیں گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال نے کہا ہے کہ صوبے میں پی سی آر لیبز قائم کی جائیں گی تاکہ بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملکی اداروں کو بدنام اور معیشت تباہ کرنے والے مجرم اب عوام کی صحت اور روزگار کے درپے ہیں' نور محمد دمڑ

زیارت (این این آئی) پی اے پی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ملکی اداروں کو بدنام اور معیشت تباہ کرنے والے مجرم اب عوام کی صحت اور روزگار کے درپے ہیں یہ اپنے غیر ذمہ دارانہ رویے سے عوامی صحت اور روزگار دونوں متاثر کرنا چاہتے ہیں کرپشن بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

روس نے پاکستان کو کرونا ویکسین فروخت کی پیش کش کردی

اسلام آباد (این این آئی) روس نے پاکستان کو کرونا ویکسین فروخت کی پیش کش کردی۔ ذرائع کے مطابق روس نے پاکستان کو بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

پی بار کین کی درخواست پر احتساب عدالت منظوری دیتی ہے نیب نہیں، نیب

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے واضح کیا ہے کہ ملزم کی پی بار کین کی درخواست پر احتساب عدالت بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کراچی سمیت سندھ بھر میں یوم ثقافت روایتی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی سمیت سندھ بھر میں یوم ثقافت روایتی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ طلوع آفتاب بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

صوبے کے 11 ڈی ایچ کیو ہسپتالوں کو مستحکم کرنے کیلئے ٹیچنگ ہسپتال کا درجہ دیا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ محکمہ صحت نے صوبے کے 11 ڈی ایچ کیو ہسپتالوں کو مستحکم بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

دنیا پاکستان کی مضبوط معاشی پالیسیوں کا اعتراف کر رہی ہے، خسرو بختیار

بیرونی ترسیلات میں اضافے سے قرض ادائیگیوں میں مدد ملے گی،

دنیا پاکستان کی مضبوط معاشی پالیسیوں کا اعتراف کر رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اقتصادی امور خسرو بختیار نے کہا ہے کہ مضبوط معاشی پالیسیوں سے کرونا کے باوجود معاشی استحکام آیا، پچھلے 6 ماہ میں مائیکرو اکنامک کی کارکردگی بہترین رہی۔ نجی ٹی وی ایک مطابق پاکستان کی معاشی کارکردگی پر وزیر اقتصادی امور خسرو بختیار نے کہا کہ اے ڈی بی نے موجودہ حکومت کی معاشی پالیسیوں کو سراہا، 17 سال بعد کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس 2.1 بلین بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

پشاور' آکسیجن سیلنڈر بروقت نہ پہنچنے کے باعث کورونا کے 7 مریض دم توڑ گئے

سردی کے سبب مریضوں کو آکسیجن کی ضرورت زیادہ رہتی ہے، مریض شدید مشکلات کا شکار رہے، ترجمان

پشاور (این این آئی) لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں آکسیجن سیلنڈر بروقت نہ پہنچنے کے باعث کورونا کے پانچ مریضوں سمیت 7 افراد دم توڑ گئے۔ ترجمان لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے مطابق گزشتہ شب راولپنڈی سے آکسیجن سیلنڈر بروقت نہ پہنچنے کی وجہ سے کورونا کے پانچ مریضوں سمیت 7 افراد بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ڈپٹی چیئرمین نیب کو پوری دنیا میں بلیک لسٹ کرانے کا اعلان

نیب کی عزت نہ عدلیہ اور نہ ہی کسی اور ادارے کے سامنے ہے، نیب جس کو مرضی گرفتار کرے کوئی فرق نہیں پڑتا، نیب کو ہر جگہ نے نقاب کریں گے،

ملازمین کی ڈگریاں چیک کرائیں گے، یہ نیب اور میری نہیں نیب اور پورے پاکستان کی جنگ ہے، سلیم مانڈی والا کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈی والا نے نیب کو پاکستان سمیت پوری دنیا میں بلیک لسٹ کرانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیب کی عزت نہ عدلیہ اور نہ ہی کسی اور ادارے کے سامنے ہے، نیب جس کو مرضی گرفتار کرے کوئی فرق نہیں پڑتا، نیب کو ہر جگہ نے نقاب کریں گے، ملازمین کی ڈگریاں چیک کرائیں گے، یہ نیب اور میری نہیں نیب اور پورے پاکستان کی جنگ ہے، سینیٹ اجلاس بلانے کیلئے ریکوزیشن تیار کرلی ہے، متاثرین کو بھی بلائیں گے، متاثرین نیب سے سلوک سب کے سامنے سینٹ کمیٹیوں میں بتائیں گے، اب نیب کا احتساب ہوگا، نیب کی طرح چھپے کمرے میں تحقیقات بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

موجودہ حالات منفی سیاست کے متحمل نہیں ہوسکتے، نور الحق قادری

ہماری حکومت کی بھرپور کوشش ہے کہ ہم کاروبار دوست ماحول بنائیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نور الحق قادری نے کہا ہے کہ کرونا کی تیزی سے پھیلاؤ کے دوران پی ڈی ایم جلسوں پر ضد کر کے قوم کی جانوں سے کھیل رہی ہے، کیا قوم کو معلوم نہیں کہ سخت لاک ڈاؤن کا مطالبہ ہی اپوزیشن کا تھا جس کو اب خود پامال کر رہے ہیں۔ بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

نصیر آباد' صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اپنی اہلیہ سردار بابر موسیٰ خیل رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان اچکزئی ملک نعیم بازئی بادل کاکڑ جان جمالی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان ایک کلیدی اقوام متحدہ میں اہم قرارداد منظور

وفاقی وزیر علی زیدی کی وزیر اعظم کو اسلاموفوبیا کا مسئلہ عالمی سطح پر اٹھانے پر مبارک باد

واضح رہے کہ پاکستان نے توہین رسالت کو قابل مذمت قرار دینے سے متعلق اقوام متحدہ کو ایک قرارداد پیش کی تھی،

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے اسلاموفوبیا کے سلسلے میں ایک اور کامیابی حاصل کرلی ہے، اقوام متحدہ میں اس سلسلے میں ایک قرارداد منظور ہو گئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق اقوام متحدہ میں بین المذاہب اور بین الثقافتی مذاکرات کے فروغ پر پاکستان کی قرارداد منظور کرلی گئی، پاکستان نے اقوام متحدہ سے مذہبی منافرت کے خلاف کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ واضح رہے کہ پاکستان نے توہین رسالت کو قابل مذمت قرار دینے سے متعلق اقوام متحدہ کو ایک قرارداد پیش کی تھی، جسے جنرل اسمبلی نے منظوری دے دی۔ وفاقی وزیر علی زیدی نے ایک ٹویٹ میں اس حوالے سے وزیر اعظم کو اسلاموفوبیا کا مسئلہ عالمی سطح پر اٹھانے پر مبارک باد دی۔ انھوں نے ٹویٹ میں لکھا کہ یو این جنرل اسمبلی نے مذہبی علامت سے متعلق پاکستان کی قرارداد منظور کرلی، جنرل اسمبلی نے آزادی اظہار کے نام پر توہین رسالت کو قابل مذمت قرار دے دیا۔ یاد رہے کہ اکتوبر میں فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کے مذموم بیان پر وزیر اعظم عمران بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم بھی استعفوں کے معاملے پر الجھن کا شکار ہے، شاہ محمود قریشی

آٹھ دسمبر کو پی ڈی ایم کی قیادت کا اجلاس ہے اور استعفوں کا فیصلہ کریں،

مریم نواز اور شہباز شریف کا الگ الگ مؤقف ہے، وزیر خارجہ کی میڈیا سے گفتگو

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) میں مریم نواز اور شہباز شریف کا الگ الگ مؤقف ہے، پی ڈی ایم بھی استعفوں کے معاملے پر الجھن کا شکار ہے، آٹھ دسمبر کو پی ڈی ایم کی قیادت کا اجلاس ہے اور استعفوں کا فیصلہ کریں، میری رائے میں بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

پولیس افسران سرکاری ملازم ہیں ذاتی ملازم نہیں، تمام لوگ نوکری کریں' شاہد خاقان عباسی

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر شاہد خاقان عباسی نے پی ڈی ایم جلسے کے حوالے سے پنجاب حکومت کو وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ اینٹ کا جواب پتھر سے دیں گے۔ شاہد خاقان عباسی نے حکومت پر تنقید کرتے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

اپوزیشن آخر تک معصوم عوام کی جانوں سے یوں ہی کھیلتی رہے گی، وزیر اطلاعات

پشاور اور ملتان جلسوں کے بعد ان شہروں میں کرونا کیسز اور شرح اموات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، وزیر اطلاعات

اپوزیشن کے اجتماعات کا انعقاد قانون اور ایس او پیز کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے، باشعور عوام انہیں کبھی معاف نہیں کریں گے، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے پشاور اور ملتان جلسوں کے بعد ان شہروں میں کرونا کیسز اور شرح اموات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، اپوزیشن کے اجتماعات کا انعقاد قانون اور ایس او پیز کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے، اپوزیشن آخر تک معصوم عوام کی جانوں سے یوں ہی کھیلتی رہے گی؟ باشعور عوام انہیں کبھی معاف نہیں کریں گے۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ کرونا کے حوالے سے حالیہ اعداد و شمار تشویش ناک ہیں، سیاسی اجتماعات کرونا پھیلانے کا سبب بن رہے ہیں۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ پی ڈی ایم کے پشاور اور ملتان جلسوں کے بعد ان شہروں میں کرونا کیسز اور شرح اموات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ان اجتماعات کا انعقاد قانون اور ایس او پیز کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ اپوزیشن رہنما خود تو گھر کیمرا سائٹس ماحول میں قرنطینہ ہیں جبکہ کارکنان اور عوام کو ذاتی سیاسی مفاد کے بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

سندھ کی ثقافت کا شمار نہ صرف دنیا کی قدیم ثقافتوں میں ہوتا ہے' وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے سندھی کلچر ڈے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کی ثقافت کا شمار نہ صرف دنیا کی قدیم ثقافتوں میں ہوتا ہے بلکہ صوبہ سندھ دنیا کی خوبصورت تہذیبوں کا گہوارہ ہے یہ اپنی قدیم بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

عارف محمد حسنی نے ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب سول ہسپتال کوئٹہ کا اچانک دورہ کیا

عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، عارف محمد حسنی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر ہیلتھ ایجوکیشن محمد عارف محمد حسنی نے ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب سول ہسپتال کوئٹہ کا اچانک دورہ کیا اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر باب کامران کاسی، ایم ڈی فرما ڈی ایم ایس جنرل ڈاکٹر محبوب قمبرانی، سینئر ڈاکٹر فرید احمد سالاری، ایڈیشنل ڈائریکٹر فرما ڈاکٹر اعظم بابر، آر ایم او جنرل سول ہسپتال ڈاکٹر حفیظ سیال اور دیگر بھی موجود تھی۔ صوبائی وزیر ہیلتھ ایجوکیشن بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

ووٹ دینے کا مقصد ووٹ کی اہمیت و افادیت کو اجاگر کرنا ہے، سپیکر ڈپٹی سپیکر

ووٹ کے ذریعے عوام کو اپنی مرضی کی قیادت کا انتخاب کرنے کا موقع ملتا ہے، اسد قیصر و قاسم خان سوری

انتخابی عمل میں خواتین کا کردار بہت اہم ہے جس کے ذریعے وہ اپنے حقوق کا تحفظ کرسکیں گی، مشترکہ بیان

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ ووٹرز ڈے منانے کا مقصد عوام میں ووٹ کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے، جمہوری نظام میں ہر شہری کو اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کا حق ہوتا ہے، اور عوام اپنے ووٹ سے مثبت تبدیلی لاسکتی ہے۔ بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

مریم نواز کا پی ڈی ایم کی تحریک میں اراکین اسمبلی و سینیٹرز کے استعفوں کا عندیہ

ساری جماعتوں نے فیصلہ کیا تو منتخب نمائندوں سے درخواست ہے کسی کے دباؤ میں نہ آئیں، وفاداریاں بدلنے سے واضح انکار کردیں' میڈیا ورکرز کنونشن سے خطاب

اگر کسی نے مجبوری میں بھی دغا کیا تو عوام ان کے گھروں کا گھیراؤ کریں گے، پی ڈی ایم کل کے سربراہی اجلاس میں بڑے بڑے فیصلے کرنے جارہی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے پی ڈی ایم کی تحریک میں اراکین قومی و صوبائی اسمبلی اور سینیٹرز کے استعفوں کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ آٹھ دسمبر کو انشاء اللہ پی ڈی ایم کے سربراہی اجلاس میں آر یا پار کا فیصلہ ہوگا، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی اور بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

نواز شریف اپنی نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کی جنگ لڑ رہے ہیں، خواجہ آصف

لاہور میں فیصلہ کن جلسہ ہوگا، 13 دسمبر کو 23 مارچ 1940 کی یاد تازہ کریں گے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ نواز شریف نے اپنا بیانیہ دے دیا ہے اب ہمارا فرض ہے اس کو آگے لیکر چلیں، آج ملک آگیں بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پڑھیں ماہنامہ وطن نوشکی کا تازہ شمارہ



بلوچستان کا کثیر الاشاعت بلوچی ماہنامہ گدروشیا کوئٹہ



بلوچستان کا کثیر الاشاعت براہوئی ماہنامہ آسیاب نوشکی



پڑھیں ماہنامہ پربت کوئٹہ کا تازہ شمارہ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

07 دسمبر 2020ء

حکومت کی ایک اور کارکردگی، صحت کے شعبے میں بھرتیوں کا اعلان

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کے 9 اضلاع میں پی سی آر لیبارٹریز تعمیر کئے جائیں گے جہاں کورونا وائرس کے ساتھ دیگر ضروری ٹیسٹ ہوسکیں گے، 11 اضلاع کے ڈی ایچ کیوز کو نیچنگ ہسپتالوں کا درجہ دیا گیا ہے جس کیلئے 50 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں محکمہ صحت میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کیلئے بھرتیاں کی جارہی ہے جس سے بے روزگاری کی شرح میں کمی واقع ہوگی ،انسانی خدمت کے جذبے سے سرشار فاطمہ جناح جنرل اینڈ چیسٹ ہسپتال کے طبی ونیم طبی عملے کی کارکردگی قابل تحسین ہے، حکومت بلوچستان صوبے میں صحت، تعلیم کے ساتھ ساتھ سیاحت کے فروغ کیلئے موثر اقدامات کررہی ہے۔ پہلے 8 اضلاع جن میں ژوب، قلعہ عبداللہ، سبی، نصیر آباد، قلات، نوشکی، جام غلام قادر ہسپتال حب اور پنجگور کے ڈی ایچ کیوز کو نیچنگ ہسپتال کا درجہ دیا گیا تھا اب مزید تین نئے اضلاع لورالائی، کیچ اور ضلع خضدار کے ڈی ایچ کیوز ہسپتالوں کو بھی نیچنگ ہسپتالوں کا درجہ دیا گیا ہے بلوچستان میں صحت کے شعبے میں بہتری اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے صحت کے شعبے میں بھرتیوں کا بھی اعلان کیا گیا ہے جو بے روزگاری کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوگی حکومت بلوچستان صوبے میں سیاحت کے فروغ کیلئے موثر اقدامات کررہی ہے۔

زندہ قوموں کا فلسفہ

ایک وقت تھا میاں نواز شریف نے پیپلز پارٹی کے موجودہ چیئرمین کو مسٹر ٹین پرسنٹ قرار دے کر ان کا ناطقہ بند کردیا تھا پھر مفاہمی سیاست کا دور آیا تو ایک دوسرے کو سیکورٹی رسک گردانتے والے نواز شریف

اور بے نظیر بھٹو بہن بھائی بن گئے چند سال پہلے جب پانامہ لیکس نے دنیا بھر کی اڑھائی سو سے زائد شخصیات کا بھانڈہ عین چوراہے میں پھوڑ دیا جس سے ان کی نیک نامی اڑن فو ہوگئی کبھی جھوٹے لوگوں سے منہ چھپاتے پھرتے رہے اور کبھی وکٹری کا نشان بنا کر یوں اترتے رہے جیسے کشمیر فتح کرلیا ہو پاکستان میں میاں نواز شریف کی فیملی کی آف شور کمپنیاں انہیں لے ڈوبیں حسن نواز اور حسین نواز کو عدالت نے اشتہاری ڈکلیئر کردیا یہی کہرام کیا کم تھا کہ میاں نواز شریف کو اسی کرپشن کے الزام میں نااہل قرار دیا یعنی میڈ ان پاکستان کی اس عاشقی میں عزت سادات بھی گئی۔

مریم نواز جو کہتیں تھیں میری بیرون ملک تو کیا پاکستان میں بھی کوئی پراپرٹی نہیں اب اربوں کھربوں کی سینکڑوں کنال اراضی منظر عام پر آئی تو انہیں اپنے کہے پر آج بھی کوئی شرمندگی نہیں پھر چھوٹے میاں صاحب کے آمدن سے ڈھیروں زیادہ اثاثے، منی لانڈرنگ کی ہوشربا کہانیاں ان کے دونوں بیٹوں داماد کی کرپشن کے غضب ناک قصے تاہم تحریر پوری فیملی کے بیشتر افراد کے خلاف نیب عدالتوں میں مقدمات چل رہے ہیں اور زیادہ تر لوگ اشتہاری ہیں اسے کہتے ہیں مرے کو مارے شاہ مدار پانامہ لیکس کے قیامت خیز انکشافات کے بعد کئی عالمی لیڈر مشکل میں آئے آئس لینڈ کے وزیراعظم عوامی دباؤ کے پیش نظر مستعفی ہوکر گھر چلے گئے ہیں والد کی آف شور کمپنیوں کے بارے میں جھوٹ بولنے اور مالی فوائد حاصل کرنے کے اعتراف پر برطانوی وزیر اعظم ڈیوڈ کیمرون اپنے خلاف ہزاروں افراد مظاہروں کے بعد استعفیٰ دے کر گھر چلے گئے وطن عزیز میں عوام گم صم ہیں شاید وہ کرپشن کو کوئی برائی سمجھتے ہی نہیں ہیں۔

حالانکہ ہم جس مذہب کے پیروکار ہیں اس میں کرپشن بہت بڑا گناہ ہے لیکن پاکستان میں حکمرانوں کی کرپشن پر کوئی خاص ردعمل دیکھنے میں نہیں آیا میاں نواز شریف، مریم نواز اور ان کے شوہر کیپٹن صفدر نااہل ہوچکے ہیں لیکن ان کے چاہنے والے عدالتوں میں پیشی کے موقع پر آج بھی میاں نواز شریف کے حق میں نعرے لگاتے ہیں کچھ تو اہلکاروں سے الجھ بھی پڑتے ہیں تاکہ وفاداری کے ثبوت ریکارڈ پر آجائے کیونکہ اس معاشرہ میں یہی تیز بہدف نسخہ کیمیا ہے سوال یہ ہے کہ میاں نواز شریف فیملی کی آف شور کمپنیاں غیر قانونی ہیں یا قانونی۔ میاں شہباز شریف خاندان کے آمدن سے زائد اثاثے کیونکر ہیں؟ اس بارے میں حقیقت کتنی ہے افسانہ کتنا یہ جاننا عوام کا حق ہے ویسے تو مشہور یہی ہے کہ غیر قانونی سرمائے سے بنائی جانے والی کمپنیوں کی اصطلاح آف شور کمپنیاں کیلئے استعمال کی جاتی ہے یہی حال سابق صدر کی فیملی کا ہے ڈونوں سابقہ حکمرانوں کی کرپشن منی لانڈرنگ اور مال بنانے کا طریقہ کار ایک جیسا ہے بے نامی اکاؤنٹ اور ملازمین کے نام پر بینک اکاؤنٹس میں کروڑوں اربوں کی ٹرانزیکشن دی گئی ہے مطلب پاکستان کو بڑے سائنٹیفک طریقے سے لوٹا گیا ہے۔ ایک شخص نے کسی دانشور سے دریافت کیا حضرت! کرپشن کی تعریف کیا ہے؟۔ اس نے بلا تامل جواب دیا اپنے اختیارات سے تجاوز کرنا کرپشن ہے۔۔۔

اگر اس فارمولے پر عمل کیا جائے تو ہماری پوری کی پوری بیوروکریسی اور سارے کے سارے سیاستدان کرپٹ ہوجاتے ہیں ہمارا مذہب تو ہر قسم کی کرپشن کے خلاف ہے ہمارے مذہبی، سیاسی وسماجی، مذہبی رہنماؤں اور اداروں کو کرپشن کے خلاف میدان میں آنا چاہیے جرأت مندی سے اس فتنے کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے علماء کرام حلال وحرام کے فلسفہ کو اجاگر کرنے کیلئے بڑے ممد ومعاون ثابت ہوسکتے ہیں یہ بات سب سے اہم ہے کہ ایک مسلم معاشرے میں حلال و حرام کی تمیز کے بغیر کرپشن کا خاتمہ ناممکن ہے۔ حکمرانوں کو اس سلسلہ میں بہت زیادہ محتاط ہونے کی ضرورت ہے ساتھ وزیراعلیٰ پنجاب کی ایک اہلیہ تہمینہ درانی نے سچ کہا تھا آف شور کمپنیاں غیر اخلاقی ہیں بھی سرمائے کی غیر قانونی ذرائع سے غیر ممالک میں منتقلی انتہائی خوفناک بات ہے دنیا کے کئی ممالک میں منی لانڈرنگ بہت بڑا جرم تصور کیا جاتا ہے کیونکہ اس سے بہت سی معاشرتی برائیاں اور جرائم جنم لے سکتے ہیں۔

اسلام نے ہر قسم کی کرپشن کو حرام قرار دیا ہے اس کیلئے حرام اور حلال کا ایک وسیع تصور اس کے مفہوم ومعانی کا احاطہ کرتا ہے جس مذہب میں اختیارات سے تجاوز کرنا کرپشن تصور کیا جاتا ہو اس کے حکمران کے لئے کیسا معیار ہونا چاہیے اس کا خود تصور کیا جاسکتا ہے یہ الگ بات کہ اب پاکستانی معاشرے میں حرام اور حلال کی تمیز ختم ہوتی جارہی ہے یہی مسائل کی اصل جڑ ہے دولت کی ہوس، ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی دوڑ، معاشرہ میں جھوٹی شان وشوکت اور راتوں رات امیر بننے کی خواہش نے اکثریت کو بے چینی میں مبتلا کرکے رکھ دیا ہے۔۔

ابھی خواہشات نے اختیارات سے تجاوز کرنے پر مجبور کررکھا ہے میاں نواز شریف کی فیملی کی آف شور کمپنیاں، لندن کے فلیٹ ان کے سمدھی اسحاق ڈار کے دوبئی میں عالیشان پلازے اور میاں شہباز شریف خاندان کے آمدن سے زائد اثاثے منی لانڈرنگ کا انکشاف ہونے سے عوام کو بہت بڑا دھچکا لگا ہے کیونکہ میاں نواز شریف میاں شہباز شریف کروڑوں عوام کیلئے ایک آئیڈیل کی حیثیت رکھتے ہیں ماضی میں آصف علی زرداری کی کرپشن کے قصے مشہور تھے دونوں جماعتوں کا اپنا ووٹ بینک بھی ہے پھر سادہ دل عوام کس پر اب یقین کریں کس پر اعتماد کریں شاید اب راہبر کے روپ میں راہزن ہی لوگوں کو بے وقوف بناتے رہتے ہیں۔ سچ میں بڑی طاقت ہوتی ہے جھوٹ کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا ایک جھوٹ کو چھپانے کیلئے ہزار جھوٹ بولنا پڑتے ہیں حکمرانوں کو اس حقیقت کو ادراک کرنا ہوگا قوم کو ادھورے سچ قبول نہیں ہیں زندہ قومیں ہی فتحیاب ہوتی ہیں زندہ قوموں کو سچائی سے پیار ہوتا ہے ہمیں بھی ایک زندہ قوم ہونے کا ثبوت دینا ہوگا۔

جذبہ انسانیت اور چلڈرن کینسر ہسپتال

پاکستان میں اگر ان لوگوں کی لسٹ تیار کی جائے جنہوں نے پیارے پاکستان میں عظیم اور گراں

سجاد علی شاکر

قدر خدمات انجام دی ہے تو اس میں انڈس فیملی کے ڈاکٹر شمول اشرف کا نام ضرور سرفہرست ملے گا۔ ڈاکٹر شمول اشرف ہمارے معاشرے کا انتہائی قابل فخر کردار ہیں۔ ان کا تعلق مڈل کلاس گھرانے سے تھا۔ انھوں نے پاکستان میں بچوں کے کینسر کا پہلا فلاحی ہسپتال "چلڈرن کینسر ہسپتال" قائم کیا اور نہ صرف پاکستان بلکہ ایران اور افغانستان سے آنے والے کینسر کے مریض بچوں کو بھی علاج کی انتہائی معیاری سہولت فراہم کی۔ کچھ عرصہ قبل انھوں نے ایک اور غیر معمولی فیصلہ کیا اور اپنے ہاتھوں سے بنائے ہوئے انتہائی غیر معمولی ادارے کو انڈس ہسپتال کا حصہ بنادیا۔ انڈس ہسپتال کو انکے دوست چلا رہے تھے جن کی نیت اور صلاحیت پر کوئی شک وشبہ نہیں تھا۔ ڈاکٹر عبدالباری (سی ای او انڈس ہسپتال نیٹ ورک) ایک عظیم شخصیت کا نام ہے۔ یاد رہے مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (MAP) نے انسانیت کے لئے زندگی بھر اپنی خدمات وقف کرنے پر، سی ای او انڈس ہسپتال نیٹ ورک، پروفیسر ڈاکٹر عبدالباری خان، کو لائف ٹائم ایوارڈ سے نوازا ہے۔ ڈاکٹر عبدالباری خان نے معاشرے کے غیر مراعات یافتہ مستحق لوگوں کو صحت کی معیاری دیکھ بھال کی خدمات فراہم کرنے سمیت ملک کے لئے مثالی مخیرانہ اور سماجی کام کیا ہے۔ یہ ایوارڈ MAP کے 34 ویں کارپوریٹ ایکسیلنس ایوارڈ کی تقریب منعقدہ کراچی میں اپریل 2019ء میں دیا گیا۔ MAP کی سفارش کے مطابق ایشین ایسوسی ایشن آف مینجمنٹ آرگنائزیشن (AAMO) نے بھی پروفیسر ڈاکٹر عبدالباری خان کو ایشین لیڈرشپ ایوارڈ سے نوازا۔ کوالالمپور ملائشیا میں اپریل 2019 میں ہوئی (AAMO) کی اس تقریب کی صدارت ملائشیا کے وزیراعظم ڈاکٹر مہاتیر بن محمد نے کی۔

اس موقع پر MAP کے ایگزیکٹو ڈائرکٹر، صلاح الدین بھی مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان کی نمائندگی کے لئے موجود تھے۔ مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (MAP) ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے جو ملک بھر میں مخیرانہ افراد اور اداروں کی جانب سے مخیرانہ اور فلاح وبہبود کی خدمات کو فروغ دیتا ہے اور ان پر یقین رکھتا ہے۔ جب مقصد ایک ہے کہ لوگوں کو فائدہ پہنچایا جائے تو کیوں نہ ساتھ مل کر کیا جائے۔ کینسر کے مہلک مرض میں مبتلا معصوم بچے ان کے اہل خانہ اور خاموشی سے تعاون کرنے والے شہری۔ اس قابل احترام انسان سے محبت کرتے ہیں۔ اور اس میں کیا شک ہے کہ کراچی کا قابل فخر بیٹا ڈاکٹر شمول اشرف ہے بھی عزت ومحبت کے قابل انسان۔ راقم 31 مارچ 2018ء سے انڈس ٹیم کا حصہ ہے۔

اس مختصر عرصہ میں انڈس فیملی کو جاننے اور سیکھنے کے بہترین مواقع ملے۔ راقم کی جوائنگ لیتے ہی انسانیت دوست، ملنسار، اور اعلیٰ اخلاق کے مالک جناب محترم پروفیسر ڈاکٹر فیض الحسن ایس ایم اے کا بہنہ انڈس ہسپتال سے ملاقات ہوئی۔ یاد رہے ڈاکٹر فیض الحسن سرجن پروفیسر کیساتھ ایس ایم اے انڈس ہسپتال کا بہنہ کے عہدے پر فائز ہیں۔ اور انہوں نے اپنی دن رات کی محنت اور لگن سے جلد ہی انڈس مینجمنٹ کے اعلیٰ افسران کے دلوں میں اپنا مقام بنالیا۔ انڈس کی فیملی میں ان جیسے ہزاروں دیوانے اپنا کردار ادا کررہے ہے جن کو نا تو پیسے کا لالچ ہے اور نہ ہی وقت کی پرواہ۔ ان سب کا بس ایک ہی مشن ہے انسان اور انسانیت کی بقائی۔ انڈس کی فیملی میں ان جیسے ہزاروں دیوانے اپنا کردار ادا کررہے ہے جن کو نا تو پیسے کا لالچ ہے اور نہ ہی وقت کی پرواہ۔ ان سب کا بس ایک ہی مشن ہے انسان اور انسانیت کی بقائ۔ راقم نے پاکستان میں ایسا کوئی بھی ادارہ خواہ وہ سرکاری ہو یا پرائیوٹ نہیں دیکھا جس کا سلوگن ہی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے صحت عامہ کی بہترین سہولیات (خواہ کوئی امیر ہو یا غریب) مفت مہیا کرنا۔ بہترین مکمل اور قابل تجدید نظام صحت تخلیق کرنے پر توجہ دینا جو ہر کسی کے لیے مفت اور قابل رسائی ہیں۔

معیاری تعلیم اور تخلیق کے ذریعے انسانی استعداد میں اضافہ کرنا۔ قوانین پاکستان اور شریعت کے مطابق انتظامی شعبہ جات میں اخلاقی اقدار کی پاسداری کرنا ہوں۔ یاد رہیں عمران خان کو شوکت خانم ہسپتال کے لئے بچوں کے کینسر اسپیشلسٹ کی ضرورت تھی۔ پاکستان میں انھیں ایسا کوئی فرد باوجود تلاش بسیار کے نہیں مل سکا۔ کوئی ہوتا تو ملتا۔ انگلینڈ میں ان کی ملاقات کراچی کے ایک ڈاکٹر سے ہوئی جو اس فیلڈ میں خاصا نام کما چکا تھا۔ کپتان نے اس ڈاکٹر سے درخواست کی کہ وہ لاہور آکر پاکستانی بچوں کا علاج کرے۔ لندن کے پرآسائش ماحول سے لاہور کی جھلسا دینے والی گرمی میں آکر کام کرنا وہ بھی ایک خیراتی ادارے میں یقینی طور پر مشکل فیصلہ تھا۔ ڈاکٹر نے لاہور آکر شوکت خانم جوائن کرلیا اور اپنی مہارت کا فائدہ اپنے ملک کے بچوں اور ان کے خاندانوں کو پہنچانا شروع کردیا۔

کچھ عرصے کے بعد ڈاکٹر کی والدہ کو کینسر کا مرض لاحق ہوگیا جو کراچی میں مقیم تھیں۔ ڈاکٹر کو لاہور سے کراچی منتقل ہونا پڑا۔ ایک نجی ہسپتال نے ان کی خدمات حاصل کرلیں اور اس طرح ڈاکٹر نے کراچی میں بچوں کے کینسر کے اسپیشلسٹ کی حیثیت سے کام شروع کردیا۔ کچھ ہی عرصے کے بعد انہیں اندازہ ہوا کہ کینسر میں مبتلا بچوں کے والدین کی اکثریت علاج کے اخراجات برداشت نہیں کرپاتی اور بعض اوقات علاج ادھورا چھوڑ کر جانے پر مجبور ہوجاتی ہے۔ ڈاکٹر نے ایک فلاحی ادارہ بنانے کا فیصلہ کیا۔ اور اس ڈاکٹر شمول اشرف ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انڈس فیملی کے ہر دیوانے کو نظر بد سے محفوظ رکھے اور جس طرح یہ عوام الناس کے دکھ بانٹتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو بھی دکھ اور تکلیف ان کے قریب سے بھی گزرنے نہ دے۔ ختم شد

جب لاد چلے گا بنجارا

پروفیسر رفعت مظہر

تاریخ کی گواہی مسلمہ، تھی لپیٹی رکھے بغیر سچ اگل دے۔ پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس وقار احمد سیٹھ کورونا کا شکار ہوئے تو زبان خلق پہ دبنگ جسٹس وقار احمد سیٹھ کے لیے تحسین کے کلمات نکلے۔ وقار احمد سیٹھ آمر پرویز مشرف کے خلاف تفصیلی فیصلے کی وجہ سے مشہور ہوئے۔ اُنہوں نے شق نمبر 66 میں لکھا "ہم قانون نافذ کرنے والے اداروں کو حکم دیتے ہیں کہ وہ مفرور مجرم کو گرفتار کرنے کی بھرپور کوشش کریں اور یقینی بنائیں کہ انہیں قانون کے مطابق سزا دی جائے اور اگر وہ مردہ پائے جائیں تو اُن کی لاش کو ڈی چوک اسلام آباد تک گھسیٹا جائے اور تین دنوں تک لٹکایا جائے"۔ جسٹس وقار احمد کے فیصلے سے پنچ کے باقی 2 ججوں نے اختلاف کیا۔ جسٹس شاہد کریم نے باقی تمام فیصلے سے تو اتفاق کیا مگر شق نمبر 66 سے اختلاف کرتے ہوئے لکھا کہ انہیں سزا سے تو اتفاق ہے لیکن پیرا 66 سے نہیں۔ جسٹس نذر اکبر نے پورے فیصلے سے ہی اختلاف کیا۔ اس فیصلے پر پورے پاکستان میں لے دے بھی بہت ہوئی اور کہا گیا کہ عدل کی تاریخ میں ایسی سزا کا وجود تک نہیں۔ شاید جسٹس وقار احمد سیٹھ کے ذہن میں برطانوی آمر اولیور کرامویل ہو۔

اولیور کرامویل نے 1653ء میں برطانوی حکومت پر بزور بازو قبضہ کیا۔ قبضے سے چند سال پہلے وہ برطانوی بادشاہ چارلس اول کو پھانسی دلوانے میں بھی پیش پیش تھا۔ 1658ء میں کرامویل ملیریا کا شکار ہوکر مرگیا۔ اُسے پورے قومی اعزاز کے ساتھ ویسٹ منسٹر کے شاہی قبرستان میں دفن کیا گیا۔ کرامویل کی موت کے دو سال بعد چارلس اول کا بیٹا چارلس دوم بادشاہ بنا تو اُس نے اپنے باپ کی پھانسی کا بدلہ لینے کی ٹھانی۔ اُس کے حکم پر 30 جنوری 1661ء کو کرامویل کی قبر کھود کر لاش نکالی گئی اور اُس کے ڈھانچے کو لندن کے چوک میں پھانسی دی گئی۔ بعد ازاں لاش کی باقیات کو تو دفن کر دیا گیا لیکن کرامویل کی کھوپڑی اگلے چوبیس سال تک ویسٹ منسٹر ہال کے باہر سہمے سے لٹکتی رہی۔ کرامویل کی طرح پرویز مشرف نے بھی بزور بازو میاں نواز شریف کی حکومت کا تختہ اُلٹا۔ شاید اسی لیے جسٹس وقار احمد سیٹھ نے پرویز مشرف کے لیے ایسا فیصلہ لکھا۔ اس فیصلے سے لاکھ اختلاف سہی لیکن وقار احمد سیٹھ کا یہ فیصلہ عدل کی تاریخ میں یادگار رہے گا۔

چند دن پہلے احتساب عدالت کے جج ارشد ملک بھی کورونا کا شکار ہوکر فوت ہوئے۔ اُن کی وفات پر قوم کو میاں نواز شریف کے خلاف کیا گیا وہ فیصلہ یاد آگیا جس کے بارے میں ارشد ملک نے خود ہی اقرار کیا کہ اُس نے دباؤ میں آکر فیصلہ کیا۔ اُن کے اقراری بیان کی آڈیو/ ویڈیو مریم نواز نے پریس کانفرنس کے سامنے رکھ کر یہ سوال اُٹھایا کہ جب احتساب عدالت کا جج خود ہی اعتراف کررہا ہے کہ اُس نے دباؤ میں آکر فیصلہ دیا تو پھر میاں نواز شریف کو دی جانے والی سزا کیسے درست ہوسکتی ہے؟۔ اس سوال کا جواب ابھی تک نہ تو حکمرانوں کی طرف سے آیا نہ عدلیہ کی طرف سے۔ احتساب عدالت کے جج ارشد ملک کو اسی ویڈیو کی بنیاد پر ملازمت سے فارغ کردیا گیا لیکن تاحال میاں نواز شریف کی سزا معطل نہیں ہوئی۔ ارشد ملک کا فیصلہ بھی عدل کی تاریخ میں یاد رکھا جائے گا لیکن اچھے لفظوں میں نہیں۔ حیرت ہے کہ اس فانی زندگی میں کوئی شخص اپنی آخرت پر سوالیہ نشان کیسے چھوڑ سکتا ہے جبکہ ہر کسی کو معلوم کہ "سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا جب لاد چلے گا بنجارا"۔ یہ بنجارا تو اب کورونا کی صورت میں ہر در کو کھٹکھٹا رہا ہے، ہر گھر میں جھانک رہا ہے، ہر گلی اور ہر بازار میں اپنے شکار کی تلاش میں ہے لیکن پھر بھی ہم موت کو برحق ضرور مانتے ہیں لیکن دوسروں کے لیے۔ اپنے لیے اگر موت کو دیکھتے بھی ہیں تو دور، کہیں بہت دور۔ حالانکہ 2020ء میں آدم خور کورونا 15 لاکھ سے زیادہ زندگیاں نگل چکا اور 7 کروڑ سے زیادہ انسان اس کی دہشت کا شکار ہوچکے۔ نظر نہ آنے والا یہ عفریت چھوٹا دیکھتا ہے نہ بڑا، امیر دیکھتا ہے نہ غریب۔ ہر شخص اس کی پہنچ میں۔ ساری اکڑ نکل چکی، سارے غرور خاک ہوئے، ساری رنگینیاں ماند ہوئیں، معیشت برباد، شاہ گدا، گدا بے آسرا، فیکٹریاں بند، دفتر بند، سکول وکالج بند اور گلشن کا سارا کاروبار بند۔ کلب، ریسٹورنٹ، ہوٹل، شادی ہال اور سیر گاہیں بے بسی کی تصویر۔ یوں لگے کہ جیسے "اب یہاں کوئی نہیں، کوئی نہیں آئے گا"۔

پاکستان میں کورونا مارچ 2020ء میں آیا۔ اُس وقت گرمیوں کا موسم شروع ہورہا تھا۔ پھر موسم گرم سے گرم تر ہوتا چلا گیا اور کورونا کا اثر کم سے کم تر ورنہ ہمارے حکمران تو ایسے جو یہ کہیں "سردیاں آئیں گی تو ڈینگی خود بخود ختم ہوجائے گا"۔ یہی حال کورونا کا گرمیوں میں ہوا جسے محض اللہ کا فضل ہی کہا جاسکتا ہے جسے حکمران اپنے کھاتے میں ڈال کر بغلیں بجاتے رہے۔ اس کے باوجود پاکستان میں کورونا 7 ہزار زندگیاں نگل گیا۔ اب کورونا کی دوسری لہر تیزی سے جاری۔ اس خطرناک لہر کا یہ عالم کہ جن کے لسٹ منفی آرہے ہیں، وہ بھی کورونا کا شکار ہورہے ہیں۔ پاکستان میں جہاں ایکٹو کیسز محض ساڑھے پانچ ہزار رہ گئے تھے، اب چند ہی دنوں میں پچاس ہزار سے بھی اوپر جارہے ہیں مگر حکمرانوں کی "وہی ہے چال بے ڈھنگی جو پہلے تھی سو اب بھی ہے"۔ اُن کا سارا زور اپوزیشن پر۔ ایس او پیز کا اعلان ضرور مگر عمل درآمد مفقود۔ اُدھر اپوزیشن بھی "ابھی یا کبھی نہیں" پر عمل پیرا۔ وہ ایک انچ بھی پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں اور حکمران مذاکرات کی میز پر آنا اپنے لیے توہین کا باعث سمجھتے ہوئے۔ وزیراعظم صاحب کی ضد اپنی جگہ لیکن جہاں انسانی زندگیوں کا سوال ہو وہاں انانیت کے بتوں کو توڑنا ہی بہتر۔

مان لیا کہ خودکشی سے بہتر آئی ایم ایف کہ آپ ہمارے "ہیرو" ہو جس نے ہمیں دنیا کا مہنگا ترین ورلڈ کپ لا کر دیا۔ تسلیم کہ آپ نے سٹیٹ بینک کو آئی ایم ایف کے ملازم کے حوالے کردیا کہ شاید اس کے بغیر قرضے کا حصول ناممکن ہوتا۔ بجا کہ امداد کے حصول کا قرینہ، طریقہ اور سلیقہ آپ سے بہتر کوئی نہ جانے کہ اس کے پیچھے آپ کا تیس سالہ تجربہ لیکن آپ سے ایک بھول ہوئی کہ جو قرض دیتا ہے اُس کے کچھ مطالبات بھی ہوتے ہیں اور وہ مطالبات پورے نہ ہونے پر ناراض بھی ہوسکتا ہے۔ غالب نے کہا

قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

اب یہی فاقہ مستی رنگ لا رہی ہے اور اپنے بھی خفا تجھ سے ہیں، بیگانے بھی ناخوش۔ اپوزیشن مرنے مارنے کا تیار اور اتحادیوں کے ہاتھوں میں مطالبات کی طویل فہرست۔ آپ نے 17 وزراء کی کابینہ کا اعلان کرکے 50 سے زائد اپنے گرد اکٹھے کرلیے کہ اتحادیوں کو بھی خوش کرنا تھا۔ پھر بھی "نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں"۔ اب بھی وزیروں مشیروں پہ غضب کی تلوار گرتی ہے تو بھی بیوروکریسی زیر عتاب۔ اکھاڑ پچھاڑ کا ایسا تماشا لگا ہے کہ کبھی دیکھا نہ سنا۔ مہنگائی کسی صورت قابو میں نہیں آرہی۔ خلق خدا تنگ اور سڑکوں پہ نکلنے کو تیار، اُس پر کورونا کے وار۔ آخر جائیں تو جائیں کہاں۔ آپ کے وزیر مشیر تو بیگ اُٹھا کر اپنے اپنے وطن کی راہ لیں گے لیکن ہمارا تو یہیں جینا، یہیں مرنا۔ اگر کورونا کے ہاتھوں نہ مرے تو بھوک کے ہاتھوں مر جائیں گے۔ آپ اپنا "نیا پاکستان" سینت سنبھال کر رکھیں اور خدارا ہمیں ہمارا پرانا پاکستان لوٹا دیں کہ اس میں آپ کا بھلا ہو نہ ہو، قوم کا بہرحال بھلا ہے۔

عاشق رسول میر ظفر اللہ جمالی (آخری قسط)

محمد اکرم چوہدری

کام کرنا صرف میر ظفر اللہ خان جمالی نے کام کرنا تھا، کیا کسی رکن قومی اسمبلی میں یہ احساس موجود نہیں تھا کہ یہ ملک اللہ کے نبی کے نام پر قائم ہوا ہے۔ اس ملک کی بنیادوں میں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا نعرہ لگاتے قربان ہونے والوں کا خون شامل ہے۔ یہ سیاست دان ان شہداء کو کیا جواب دیں گے کہ نبی کریم کی ختم نبوت پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو تحفظ فراہم کرتے رہے ہیں۔ وہ بدبخت اس حکومت کا حصہ بھی ہیں۔ ایسے تمام کرداروں کو بے نقاب ہونا چاہیے اور ایسے تمام کرداروں کو نشان عبرت بھی بنانا چاہیے۔ ایسی اسمبلیوں کو موت ہی آجائے تو بہتر ہے جو ناموس رسالت کا تحفظ نہ کرسکیں۔ جہاں مولانا فضل الرحمن جیسے جید عالم موجود ہوں اور وہ یہ بھی کہیں کہ اسمبلی سے اجتماعی گناہ ہوا ہے لیکن خود مولانا کچھ نہ کرسکیں اور پیچھے سے نکل جائیں لیکن جب انہیں اسمبلیوں سے نکالا گیا ہے تو ان کی چیخیں دور دور تک سنائی دے رہی ہیں۔ اگر ہمارے سیاستدان، ہمارے حکمران ان مکروہ کرداروں کو بے نقاب نہیں کریں گے تو پھر یاد رکھیں جس نے قرآن کریم میں اعلان کیا ہے کہ ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین وہ جو خالق کائنات ہے وہ کہ کائنات جس کے "کن" کہنے کی محتاج ہے وہ ایسے مکروہ کرداروں کو خود بے نقاب بھی کرے گا اور انہیں عبرت ناک انجام تک بھی پہنچائے گا۔ آج جو چیخ رہے ہیں یہ اپنے اعمال ہر نظر وڈائیں اور جو آج بیٹھے ہیں معافی انہیں بھی نہیں ملے گی۔ ان اسمبلیوں کے لیے میر ظفر اللہ خان جمالی کی طرف سے کی گئی موت کی دعا ضرور قبول ہوگی۔

جمالی صاحب برسوں تک باقاعدگی کے ساتھ بیت اللہ شریف اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حاضری دیتے رہے انہوں نے کہا کہ میں وہاں جاکر کیا منہ دکھاؤں گا، کیا بات کروں گا کہ میرے سامنے یہ سب کچھ ہوتا رہا اور میں خاموش رہا۔ انہوں نے حقیقی معنوں میں رسول اللہ سے گہری محبت کا عملی مظاہرہ کیا انہوں نے شان وشوکت اور عہدوں کو ٹھکرا کر عشق رسول اور محافظ ختم نبوت بننے کو ترجیح دی یہ اعزاز خاص رحمت والوں کو ہی ملا کرتا ہے۔ انہوں نے اس اسمبلی سے نکلنے کو ترجیح دی یہاں ایسی مکروہ حرکتیں ہوتی رہیں۔ انہوں نے اس اعلانیہ ختم نبوت کا مقدمہ لڑا اور ایک سبق چھوڑ گئے ہیں ایک مثال قائم کرگئے ہیں اس مثال کو کوئی اور آگے بڑھائے یا نہ بڑھائے لیکن جمالی صاحب کے خاندان نے اسے ضرور آگے بڑھانا ہے۔ وہ ایک عظیم مقصد کے ساتھ خالق حقیقی سے جا ملے ہیں، موت کو گلے لگا لیا ہے لیکن وہ عظیم مقصد زندہ ہے۔ ان کے خاندان پر سب سے بڑی ذمہ داری اس مقصد کو زندہ رکھنا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل ہمت واستقامت عطا فرمائے اور میر ظفر اللہ خان جمالی کے درجات بلند فرمائے۔ آمین۔ شکریہ نوائے وقت

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



اہل وطن اور کتنی قربانیاں چاہییں۔

جماعت اسلامی کی ذیلی تنظیم الخدمت اتنی پرانی ہے، جتنا ہمارا پیارا ملک اسلامیہ جمہوریہ پاکستان ہے۔

میر افسر امان

جماعت اسلامی اپنے قیام کے وقت سے اسلامیان پاکستان کی خدمت کرتی آئی ہے۔ پاکستان بننے کے بعد جب لٹے پٹے قافلے لاہور آئے تو یہ جماعت اسلامی ہی تھی جو ان کی خدمت میں پیش پیش تھی۔ جماعت اسلامی کی ذیلی تنظیم الخدمت پاکستان میں قدرتی آفات جیسے زلزلے، سیلاب اور بھارت کی طرف سے مسلط کی گئیں جنگوں میں ہمیشہ پاکستانیوں کی مدد میں آگے آگے رہی ہے۔ برسوں خدمت کا تجربہ ہوگیا ہے۔ اسے اپنے پرائے سب جانتے اور تعریف بھی کرتے ہیں۔ الخدمت سے یہ تنظیم الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان بنی۔ یہ بلا مبالغہ پاکستان کی سب این جی اوز سے بڑی این جی او ہے۔ اس کی خدمت کا اعتراف پاکستان کے علاوہ باہر کے ملک بھی کرتے ہیں اسلام آباد میں جاپان نے 22.1 لاکھ ڈالر فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ جاپان کے ناظم الامور نے تقریب میں ساتھ ہی ساتھ کہا کہ جاپان پاکستان میں زچہ بچہ کو سہولت فراہم کرنے کی ترجیح دیتا ہے۔ اسلامی ملکوں کی این جی اوز نے بھی ہمیشہ پاکستان میں الخدمت فاؤنڈیشن کی فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی رہتی ہیں۔

فیڈریشن آف اسلامک میڈیکل اسوسی ایشن کے ذمہ داران نے الخدمت فاؤنڈ

شال بقیہ 1

نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے صوبے کے 9 اضلاع میں پی سی آر لیبارٹریز کا اشتہار دیا ہے صوبے میں کورونا وائرس کے ٹیسٹنگ کو وسعت ملے گی بلکہ دیگر ضروری ٹیسٹ بھی ہوسکیں گے بلکہ پی سی آر لیبارٹریز کو اضلاع کی سطح پر لے جائیں گے محکمہ صحت میں اصلاحات لائے جارہے ہیں اس سلسلے میں صوبے کے 11 ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں کو نیچنگ ہسپتالوں کا درجہ دیا گیا ہے جس کیلئے 50 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں بلکہ اس حوالے سے پروکیورمنٹ کمیٹیاں بھی ڈویژنل سطح پر تشکیل دے دی گئی ہے، انہوں نے کہا کہ پہلے 8 اضلاع جن میں ژوب، قلعہ عبداللہ، سبی، نصیر آباد، قلات، نوشکی، جام غلام قادر ہسپتال حب اور پنجگور کے ڈی ایچ کیوز کو نیچنگ ہسپتال کا درجہ دیا گیا تھا اب مزید تین نئے اضلاع لورالائی، پنج اور ضلع خضدار کے ڈی ایچ کیوز ہسپتالوں کو بھی نیچنگ ہسپتالوں کا درجہ دیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں صحت کے شعبے میں بہتری اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے صحت کے شعبے میں بھرتیوں کا بھی اعلان کیا گیا ہے جو بے روزگاری کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوگی، انہوں نے کہا کہ انسانی خدمت کے جذبے سے سرشار فاطمہ جناح جنرل اینڈ چیسٹ ہسپتال کے طبی و نیم طبی عملے کی کارکردگی پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال کا عملہ پہلے دن سے بہتر کام کررہی ہے، بلکہ اس سلسلے میں نئے وارڈز بھی اسٹیبلش کئے گئے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر میانی کے پانی ڈاؤنلن کی تیراکی کے خوبصورت نظارے کی ویڈیو شیئر کی اور کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں سیاحت کے فروغ کیلئے موثر اقدامات کررہی ہے۔

شال بقیہ 2

نے کہا کہ او آئی سی کے 47 ویں اجلاس میں 57 ملکوں نے بابری مسجد کی شہادت کی مذمت کی۔ وزیر خارجہ آج ہندوستان دفاعی پوزیشن میں چلا گیا ہے، ہندوستان کلبھوشن جادھو کا کیس عالمی عدالت میں لے کر گیا لیکن اسے ناکامی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ آئی سی جے کے فیصلے کے مطابق بھارت کو 2 مرتبہ قونصلر رسائی دی گئی، تیسری بار بھارت یہ سہولت نہیں لے رہا۔ اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل میں جمع کرائے گئے ڈوزیئر کے حوالے سے بات کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ بھارت دہشتگردی کے حوالے سے پاکستان کے ڈوزیئر کا جواب دنیا کو نہیں دے سکا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ او آئی سی کے اجلاس میں فلسطین پر واضح موقف آیا ہے، پاکستان میں بھی اسرائیل کے حوالے سے قیاس آرائیاں تھیں تاہم اب انہیں دم توڑ دینا چاہیے۔

شال بقیہ 3

نہیں کریں گے، حکومت و اپوزیشن کے ساتھ ملکر نیب کی طاقت میں کمی کیلئے قانون سازی کی کوشش کروں گا۔ اتوار کو یہاں نمائندہ سول سوسائٹی سیدہ ثمینہ شاہ کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین سنیٹ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ نیب نے دو دن پہلے نیا بیانیہ جاری کردیا ہے اور پہلے والے بیانیہ سے ہٹ گیا ہے، نیب پر لوگ ہنس رہے ہیں، ادارہ بدنام ہورہا ہے، نیب جس مرضی کو گرفتار کرے، کوئی فرق نہیں پڑتا۔ انہوں نے کہا کہ نیب کی عزت نہ عدلیہ میں ہے اور نہ کسی اور ادارے کے سامنے، میں نے وزیراعظم کو نیب سے متعلق خط لکھا ہے، آرمی چیف کو بھی لیٹر بھیجوں گا۔ انہوں نے کہا کہ سینٹ اجلاس بلانے کیلئے ریکوزیشن تیار کرلی ہے، ہر حال میں اجلاس بلائیں گے، نیب کو ہر جگہ ایکسپوز کرینگے، متاثرین کو سینٹ میں بلائیں گے، سینٹ نیب کے ذرائع آمدن چیک کریگا، نیب کا احتساب ہوگا۔

شال بقیہ 4

کیسکو کے نئے پورڈ منظوری کیلئے پیش کیے جائیں گے۔ وفاقی کابینہ فیڈرل کورٹس کمپلیکس کراچی تعمیر کرنے کی منظوری دیگی، وفاقی کابینہ فرانس سے سفارتی تعلقات سے متعلق پالیسی فیصلے پر غور کریگی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں پاکستان نورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے ایم ڈی کی تعیناتی بھی ایجنڈے میں شامل ہیں، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کیا گیز کیٹو ڈائریکٹر کی تعیناتی کی منظوری بھی شامل ہے۔ وفاقی کابینہ اجلاس میں ممنوعہ بور کے اسلحے و بارود درآمد کرنے کی پالیسی میں نرمی کی تجویز کا جائزہ لیا جائے گا۔ وفاقی، تمام صوبوں کی مشترکہ فنانشل ایکسچینج کابینہ کیسامنے پیش کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق پاکس بلڈنگ فنانس کمپنی کے ایم ڈی کی تعیناتی بھی وفاقی کابینہ کے ایجنڈے میں شامل ہے، ذوالفقار علی بھٹو میڈیکل یونیورسٹی اسلام آباد کیلئے ڈینٹسٹری کورس کی منظوری بھی ایجنڈے میں شامل ہے۔ وفاقی کابینہ اجلاس میں پاکستان سینٹرل کاٹن کمیٹی کی تشکیل نو کی منظوری دی جائے گی۔

شال بقیہ 5

تحفظ کیلئے ایڈمن کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اپوزیشن آخر کب تک معصوم عوام کی جانوں سے یوں ہی کھیلتی رہے گی؟ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ کرونا سے اپنوں کو کھونے والے باشعور عوام انہیں کبھی معاف نہیں کریں گے۔

شال بقیہ 6

ان خیالات کا اظہار انہوں نے قومی ووٹرز ڈے کے موقع پر کیا جو ہر سال 7 دسمبر کو منایا جائیگا۔ اسپیکر اسد قیصر نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کا آئین ملک میں بسنے والے تمام لوگوں کو حق رائے دہی کے ذریعے جمہوری قوتوں کو مضبوط کرنے کا مکمل اختیار دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی عمل میں خواتین کا کردار بہت اہم ہے جس کے ذریعے وہ اپنے حقوق کا تحفظ کرسکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مجموعی طور پر 97 ملین رجسٹرڈ ووٹرز ووٹ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکتے ہیں۔ ملک میں 44 فیصد ووٹرز کے عمریں 35 سال تک ہیں جو انتخابی عمل پر مثبت اثرات مرتب کرسکتے ہیں۔ انہوں نے اپوزیشن اور حکومتی جماعتوں کو آپس کے اختلافات بھلا کر مشترکہ طور پر انتخابی اصلاحات لانے پر زور دیا۔ اسپیکر نے کہا کہ جمہوریت عام آدمی کو ملکی معاملات میں اپنا حصہ ڈالنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جمہوری استحکام پیدا کرکے ہم اس کو ایک ترقی یافتہ ملک بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2018 کے الیکشن میں عوام نے ایک نئی قیادت کو منتخب کرکے ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنے کا موقع فراہم کیا جس کے نتیجے میں ملک میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت قائم ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت میں عوام کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جب بھی اپنی مرضی کی قیادت کو منتخب کرنا چاہے تو وہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے ووٹر کے فیصلے کو اہمیت دینی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت ہوتے ہوئے ہر فرد کو اپنے حق رائے دہی کو اختیار کرنے مکمل اختیار حاصل ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی سپیکر قاسم خان سوری نے کہا کہ ووٹ کی طاقت

عوام کو ایک مخلص قیادت چننے کا حق دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے ووٹر کے ذریعے ملک کو بہترین قیادت دے کر اسے ایک روشن مستقبل دے سکتے ہیں۔ انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ عوام میں ووٹ کی اہمیت کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرے۔

شال بقیہ 7

سینیٹرز اپنی عزت کو پہچانیں، اگر ساری جماعتوں نے فیصلہ کیا تو منتخب نمائندوں سے درخواست ہے کہ کسی کے دباؤ میں نہ آئیں اور وفاداریاں بدلنے سے واضح انکار کردیں، اگر کسی نے مجبوری میں بھی دغا کیا تو عوام ان کے گھروں کا گھیراؤ کریں گے، پی ڈی ایم کل کے سربراہی اجلاس میں بڑے بڑے فیصلے کرنے جارہی ہے، یہ خوشخبری بھی سنا دو ان کہ پاکستان کے عوام جنگ جیت چکے ہیں اور 13 دسمبر کو مینار پاکستان پر صرف فتح کا اعلان ہونا باقی ہے، ایک منتخب وزیراعظم کو زائد المیعاد اقتدار کی بنیاد پر نااہل کیا گیا اور ووٹ چوری کرکے نالائق حکومت کو ہمارے سروں پر مسلط کردیا گیا، آج نہ پاکستان چل رہا ہے اور نہ کوئی حکومت چل رہی ہے، جعلی حکمران لاہور کے جلسے سے خوفزدہ ہیں، جی ڈی پی منفی میں چلی گئی لیکن کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی، ڈھائی سال میں ملک کے قرضے آسمان پر پہنچ گئے، آج لاکھوں لوگ بے روزگار ہوگئے، ادویات کی قیمتیں 600 گنا بڑھ گئیں، کشمیر مودی کی جھولی میں میں جا گرا لیکن کسی کو تکلیف نہیں ہوئی کیونکہ بندہ تابعدار ہے، کیوں نہ آج سے عمران خان کا نام تابعدار رکھ دیں، ہر جلسے کے بعد رہنماؤں کے خلاف تین تین ہزار ایف آئی کاٹی جارہی ہیں، میں نے کہا ان ایف آئی آر کا بار پر وکر کے گلے میں ڈال لو۔

شال بقیہ 8

خان نے کہا تھا کہ فرانسیسی صدر کے بیان سے کروڑوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے، فرانسیسی صدر نے جان بوجھ کر اسلام پر حملہ کرکے اسلاموفوبیا کی حمایت کی۔ وزیراعظم عمران خان نے ٹویٹ میں گستاخانہ خاکوں کے سلسلے میں فرانسیسی صدر کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ فرانسیسی صدر انتہا پسندی مسترد کرنے کی بجائے تقسیم کو بڑھاوا دے رہے ہیں، جہالت پر مبنی بیانات انتہا پسندی کو مزید فروغ دیتے ہیں، دنیا مزید تقسیم کی متحمل نہیں ہوسکتی، لیڈر کی پہچان یہ ہے کہ وہ انسانوں کو متحد کرتا ہے، جیسے نیلسن منڈیلا نے تقسیم کی بجائے لوگوں کو متحد کیا۔

شال بقیہ 9

ڈالر تک پہنچ گیا، تعمیراتی شعبے سے ایل ایس ایم انڈسٹری میں 8.4 فیصد ترقی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی روپیہ ایشیا کی تیسری بڑی کرنسی بن گیا۔ وفاقی وزیر اقتصادی امور نے بتایا کہ بیرونی ترسیلات میں اضافے سے قرض ادائیگیوں میں مدد ملے گی، دنیا پاکستان کی مضبوط معاشی پالیسیوں کا اعتراف کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط معیشت ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے، دنیا بھر میں ملک میں معاشی حکمت عملی کو سراہا جارہا ہے، ہم نے کرونا وبا کے دوران بہترین پالیسی بنائی جس کے ثمرات آرہے ہیں۔

شال بقیہ 10

جاں بحق ہوگئے۔ ترجمان خیبر ٹیچنگ ہسپتال نے بتایا کہ سردی میں مریضوں کو آکسیجن کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے، تاہم آکسیجن ختم ہونے پر سنٹرل آکسیجن سے سپلائی تین گھنٹے تاخیر سے پہنچی۔ ہسپتال کے ترجمان فرہاد خان نے آکسیجن نہ ملنے کے باعث 6 افراد کی اموات کی تصدیق کی اور بتایا کہ اس میں 5 کورونا وارڈ کے اندر تھے جبکہ ایک میڈیکل آئی سی یو میں تھا تاہم میڈیا رپورٹ کے مطابق جاں بحق افراد کی تعداد سات ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ 3 مریض ایسے ہیں جن کی نشاندہی کررہے ہیں کہ وہ گھروں میں گئے ہیں یا دوسرے ہسپتال میں تاہم ان کا ڈیٹا ابھی ہمیں نہیں ملا۔ ہسپتال میں صورتحال کنٹرول میں ہونے کا دعویٰ کرتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ ہمارے پاس بیک اپ کے طور پر بھی آکسیجن موجود ہے اور اسٹور میں سپلائی ہونے کے باعث نقصان اتنا زیادہ نہیں ہوا۔ قبل ازیں اپنے ویڈیو بیان میں انہوں نے بتایا کہ گزشتہ رات یہ واقعہ پیش آیا، جس میں ایک کمپنی کی جانب سے ناکافی وجوہات کے باعث آکسیجن سلنڈر کی فراہمی بروقت نہیں کی گئی۔ ترجمان کے مطابق خیبر ٹیچنگ ہسپتال میں کورونا وائرس کے سب سے زیادہ بستر مختص کیے گئے ہیں اور ہمارے پاس 106 کورونا کے بستر موجود ہیں جبکہ ان پر موجود ہر مریض تقریباً آکسیجن پر انحصار کرتا ہے، جس کی وجہ سے ہماری طلب زیادہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک، دو مہینے سے ہمارے آکسیجن فراہم کرنے والے مرکزی پلانٹ کو 5 ہزار سے بڑھا کر 10 ہزار لیٹر کردیا گیا تھا، اس کے علاوہ ہمارے پاس 100 کے قریب آکسیجن سلنڈر اسٹینڈ بائے پر موجود تھے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ جو آکسیجن کی فراہمی ہے یہ ایک کمپنی کی طرف سے ہورہی ہے جبکہ موجودہ سیزن میں طلب بہت زیادہ ہے تاہم کمپنی کی جانب سے کوشش کی جاتی ہے کہ بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جائے لیکن گزشتہ شب کچھ ناگزیر وجوہات کے باعث وقت پر فراہمی نہیں ہوسکی اور اس وجہ سے یہ واقعہ پیش آیا۔ انہوں نے کہا کہ خوش قسمتی سے ہمارے پاس موجود 100 سلنڈر سے ہم نے فوری طور پر کووڈ وارڈ و دیگر میں آئی سی یوز کو فراہم کیں، جس کی وجہ سے اموات بہت کم ہوئیں۔ ترجمان کے مطابق آکسیجن کی فراہمی تاخیر کی وجوہات سے متعلق بھی معلومات حاصل کی جارہی ہیں۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا کے وزیر صحت تیمور خان جھگڑا نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر اپنی ٹوئٹس میں انہوں نے لکھا کہ گزشتہ شب خیبر ٹیچنگ ہسپتال میں آکسیجن کی فراہمی کی کمی کا واقعہ پیش آیا۔

شال بقیہ 11

کیڈنی کے ہمراہ بارڈر مارکیٹ کے پائلٹ پروجیکٹ کے قیام سے متعلق سائٹ اراضی کی نشاندہی کے لئے مند بارڈر کا دورہ کیا، سرحدی علاقہ مند کے علاقہ نمائندین نے وفاقی وزیر اور انتظامی افسران کا پرتپاک استقبال کیا، دونوں ہمسایہ ممالک کے سرحدی مکینوں کی سہولت کیلئے قانونی تجارت کیلئے اقدامات اٹھانے کا مطالبہ عرصے سے بارڈر ایریاز کے عوام کی جانب سے بنیادی مطالبہ رہا ہے گزشتہ مہینے وزیراعظم پاکستان کے دورہ مکران اور جنوبی بلوچستان کے لئے اہم ترقیاتی منصوبوں کے اعلان کے بعد عوامی حلقوں کی جانب سے دونوں ہمسایہ ممالک کے مابین دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کیلئے بارڈر پائلٹ پراجیکٹ کی منظوری کو موجودہ حکومت کا قابل ذکر اقدام قرار دیا جارہا ہے واضح رہے کہ پہلے مرحلے میں ضلع گوادر کے سرحدی تجارتی جنکشن گبد اور مند ردیگ کے مقام پر تین ایکڑ کے رقبے پر بارڈر مارکیٹ کا پائلٹ پراجیکٹ شروع کیا جارہا ہے

سرکاری ذرائع کے مطابق دونوں برادر اسلامی ممالک کی منسٹری آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے مابین ایم او یو دستخط کئے جاچکے گوادر انڈسٹریل اسٹیٹ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے منیجنگ ڈائریکٹر عطاء اللہ جوگیزئی کا کہنا ہے کہ مکران ڈویژن کے ہیڈکوارٹر تربت میں ایک ہزار ایکڑ پر انڈسٹریل زون کیلئے اراضی مختص کردی گئی ہے گوادر کی طرح تربت میں بھی صنعتی ترقی کیلئے موجودہ حکومت اقدامات اٹھارہی ہے۔

شال بقیہ 12

کے مطابق 65 اور 71 کی جنگوں میں میجر شبیر شریف کی بہادری ہمیں سکھاتی ہے کہ تعداد نہیں بلکہ مشکلات میں ایمان، عقیدت اور جرات قوموں کو فتح یاب کرتی ہے۔ نوٹ میں ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ 1965 اور 1971 کی جنگوں میں شجاعت کے جوہر دکھانے پر میجر شبیر شہید کو نشان حیدر اور ستارہ جرات سے نوازا گیا۔ واضح رہے کہ نشان حیدر حاصل کرنے والے پاک فوج کے میجر شبیر شریف شہید 28 اپریل 1943ء کو کجاو ضلع گجرات میں پیدا ہوئے اور 19 اپریل 1964ء کو فوج میں کمیشن حاصل کیا۔ شہید میجر شبیر شریف کو بطور کیڈٹ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول سے اعزازی شمشیر اور 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں ستارہ جرات سے نوازا گیا، ان کی عمر اس وقت صرف 22 سال تھی۔ بھارت کے خلاف 1971ء کی جنگ میں میجر شبیر شریف نے دشمن کو ایک نہیں کئی مواقع پر پیچھے ہٹنے پر مجبور کیا، 5 اور 6 دسمبر کی درمیانی رات گھمسان کی جنگ میں میجر شبیر شریف نے بھارت کی 4 جاٹ رجمنٹ کے کمپنی کمانڈر میجر نرائن کو للکارا، دست بدست لڑائی میں اسے ہلاک کیا اور اہم دستاویزات قبضے میں لے لیں۔ 6 دسمبر کی دوپہر میجر شبیر شریف نے دشمن کا ایک اور حملہ پسپا کیا، اسی دوران دشمن کے ٹینک کا گولہ انہیں لگا اور وہ شہید ہوگئے۔ میجر شبیر شریف کو ان کی بہادری اور شجاعت کے اعتراف میں اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر سے نوازا گیا۔ میجر شبیر شریف سابق آرمی چیف جنرل راحیل شریف کے بڑے بھائی تھے، میجر شبیر شریف پاک فوج کے واحد آفیسر ہیں جنہیں دو اعزاز ستارہ جرات اور نشان حیدر سے نوازا گیا۔

شال بقیہ 13

علماء اسلام پاکستان کی سالمیت اور مدارس کی بقا پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے جمعیت مساجد مدارس اور اسلامی تشخص کی حفاظت کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گی قوم جمعیت علمائے اسلام کے پلیٹ فارم کو مستحکم کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علمائے اسلام فہم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی کے زیر اہتمام عظیم عوامی رابطہ مہم کے سلسلے جامعہ رحیمہ شمس العلوم مری چوک میں پیغام جمعیت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جسمیں جمعیت علماء اسلام اور علاقے کے عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر جمعیت علمائے اسلام فہم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی کے نائب سوئم مولانا عبدالباقی ناظم مالیات مولانا عبد العلی مولانا عبدالرازق ریگی ترجمان جمعیت ڈاکٹر ظفر اللہ سالار صلاح الدین نور محمد مولانا شیر محمد مولانا محمد سلیمان مولانا علی مردان مولانا دین محمد مولانا محی الدین مولانا عطاء محمد مولانا آمین اللہ آمین مولانا مفتی ظہور احمد عبدالوہاب حافظ فضل الرحمان ملک محمد رمضان ترین جنگ ظہور احمد جنگ اور مجلس عاملہ مجلس شوریٰ اراکین و دیگر بھی موجود تھے پیغام جمعیت کانفرنس سے قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ یونٹ کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری مولانا راز محمد محمد حسنی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن پاکستان کی بقا اور سالمیت کی علامت ہے مولانا فضل الرحمن نے ہر دور ملک اور اسلام کے خلاف سازشوں کو بے نقاب کیا ہے۔

شال بقیہ 14

محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ اتوار کی رات سے بلوچستان میں داخل ہوگا، جو بدھ کی صبح تک صوبے میں موجود رہے گا۔ محکمہ موسمیات نے اس موسمی صورتحال کے باعث 6 تا سات دسمبر اور منگل آٹھ دسمبر کو کوئٹہ، ژوب، زیارت، قلعہ سیف اللہ اور قلعہ عبداللہ، لورالائی، ہرنائی، چاغی، نوشکی، بولان، شیرانی اور قلات میں بارش اور پہاڑوں پر برف باری کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے موسم کی صورتحال کے پیش نظر ڈی ایم اے کو الرٹ جاری کیا ہے۔

شال بقیہ 15

پروجیکٹیڈ علاقوں میں چل رہے تھے ان کرش پلانٹس کے خلاف کاروائی کرکے سیل کردیا گیا ہے۔ سیل کیے گئے پلانٹس میں علی کرش پلانٹ، نوبہار پلانٹ، مقبول کرش پلانٹ، شاکلوٹ کرش پلانٹ، دعا کرش پلانٹ، میونسپل شاہ کرش پلانٹ، آغا پلانٹ اور ایچ کے بی پلانٹ شامل ہیں۔ ادارہ تحفظ ماحولیات بلوچستان کے مطابق آئینی شقوں کے تحت محکمہ جنگلات کی جانب سے قرار محفوظ علاقوں میں ان پلانٹس کو مضبوط اور آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کی ضرورت ہے محکمہ جنگلات کو ان کرش پلانٹس کے خلاف قانونی کارروائی شروع کرنے کے وسیع اختیارات ہیں تاکہ ان کے اپنے محفوظ شدہ علاقوں کی حفاظت کی جاسکے ادارہ تحفظ ماحولیات بلوچستان ادارہ ہونے کے ناطے مستقبل میں بھی اپنی تمام تر کوششیں جاری رکھے گا تاہم محکمہ جنگلات کو فوری طور پر قانون کے مطابق کاروائی کرنا ہوگی۔

شال بقیہ 16

صوبے کے عوام کو نیسٹنگ کی بہترین سہولتیں فراہم کی جاسکیں یہ بات جام کمال خان نے سماجی رابطے ویب سایٹ ٹویٹر پیغام میں کہا ہے کہ حکومت نے 32 کروڑ 70 لاکھ روپے PCR لیبز کے قیام کیلئے مختص کیے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ لیبز میں کورونا وائرس اور دیگر بیماریوں کے متعلقہ ٹیسٹوں کی سہولت دستیاب ہوگی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے کورونا وائرس سے نمٹنے کیلئے بڑی تعداد میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کی بھرتیاں کی ہیں۔

شال بقیہ 17

ہوئے اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مملکت خداداد پاکستان مختلف ثقافتوں کا گلدستہ ہے۔ غیور عوام جہاں اپنی ثقافت پر فخر کرتی ہے وہاں ثقافت کو اپنے اندر زندہ رکھتی ہے پاکستان میں سندھ کی ثقافت نہایت قدیم ہے اور اہمیت کا حامل ہے سندھی اجرک اور پہناوے جہاں دنیا بھر میں پاکستان اور سندھ کی شناخت ہیں وہاں ان کی میٹھی زبان، مہمان نوازی بھی قابل ذکر ہے سندھی ثقافت دن منانے کا مقصد ہم سب کو ایک دوسرے کی خوشی میں شامل ہونے اور برداشت کے رجحان کو فروغ دینا ہے حکومت بلوچستان بھی ثقافت اور تہذیب کے حوالے سے موثر اقدامات کررہی ہے اور ہم اپنی تہذیب اور ثقافت کے ساتھ ہی خوبصورت تھے اور ہم سب کو چاہیے کہ ایک دوسرے کا احترام کریں اور اپنے اندر برداشت پیدا کرے اتحاد و اتفاق یہی

ہے ہم آگے بڑھ سکتے ہیں اور ترقی یافتہ اقوام کی صف میں شامل ہوسکتے ہیں۔

شال بقیہ 18

کے کورونا سے عوام حساب میں ہے، اپوزیشن اپنے دو کلو گوشت کیلئے پوری گائے ذبح کرنا چاہتی ہے، اگر بیماری پھیلتی ہے اور لوگوں کی زندگیاں داؤ پر لگتی ہیں تو یہ کوئی سیاست ہے، بدقسمتی سے اپوزیشن کا ہدف صرف این آر او ہے جو کہ وہ لوگوں اور ملک کی معیشت تباہ کرنے کی قیمت پر حاصل کرنا چاہتے ہیں وفاقی و صوبائی حکومت کا ایجنڈا صرف عوام کی خدمت ہے حکومت عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے عوامی خدمت کا سفر شروع ہوچکا ہے اب رکے گا نہیں عوام کی خدمت کی راہ میں کوئی رکاوٹ قبول نہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب کا دورہ کرنے کے دوران زیارت، کواس، گوگئی، پیچی، وجہ دینی، سنجاوی و دیگر علاقوں عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پی اے پی کے ضلعی عہدیداران اور کارکن بھی کثیر تعداد میں موجود تھے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے عام آدمی کی حالات بہتر بنانے کیلئے بے مثال اقدامات کئے ہے۔

شال بقیہ 19

کرونا ویکسین کے فروخت کی پیشکش کر دی، وزارت خارجہ کو پاکستان میں روسی سفارتخانے کا آفر لیٹر موصول ہوا، پاکستان کو روسی ویکسین کلینکل ریسرچ اور ٹرائلز کا ڈیٹا رپورٹ بھی بھیجا گیا، وزارت خارجہ نے وزارت صحت کو روسی پیشکش سے آگاہ کردیا اس حوالے سے جاری مراسلے میں کہا گیا ہے کہ سپٹنک فائیو کی کلینکل ریسرچ رپورٹ عالمی ادارے کی تیار کردہ ہے، کلینکل رپورٹ میں سپٹنک فائیو کا دیگر ویکسین سے تقابلی جائزہ شامل ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ سپٹنک فائیو کرونا ویکسین روس میں مقامی طور پر تیار کردہ ہے، سپٹنک فائیو کرونا ویکسین 95 فیصد مؤثر ہے، سپٹنک فائیو دیگر ویکسین کے مقابلے سستی اور مؤثر ہے، دیگر کے مقابلے میں اسے ذخیرہ کرنا آسان ہے۔ سپٹنک فائیو کے لیے فنڈنگ روسی ڈائریکٹ انویسٹمنٹ فنڈ نے کی۔

شال بقیہ 20

منظوری دیتی ہے، نیب نہیں، نیب کی تحویل میں کوئی ملزم ہلاک نہیں ہوا، نیب جھوٹی خبریں چلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کرے گا۔ نیب اعلامیہ کے مطابق ملزمان کی درخواست پر احتساب عدالت پلی بارگین کی منظوری دیتی ہے، ملزم احتساب عدالت میں نہ صرف اپنی غلطی کا اعتراف کرتا ہے بلکہ احتساب عدالت میں اپنی مرضی سے اپنا بیان ریکارڈ کراتا ہے اور لوٹی گئی رقم کی پہلی قسط بھی جمع کراتا ہے۔ پلی بارگین نیب آرڈیننس 1999 کے آرٹیکل 25 بی کے تحت جرم کے زمرے میں آتا ہے۔ ملزمان نیب کی جانب سے اکٹھے کئے ٹھوس ثبوت اور شواہد کو دیکھ کر پلی بارگین کا راستہ رضاکارانہ طور پر اختیار کرتا ہے۔ کیونکہ اس کے پاس اس کے سوا کوئی راستہ نہیں ہوتا۔ نیب پلی بارگین کے ذریعے لوٹی گئی رقم وصول کرکے قومی خزانہ میں جمع کراتا ہے وہ یہ قومی فرض سمجھ کر ادا کررہا ہے۔

شال بقیہ 21

کرنے کیلئے انہیں چیچنگ ہسپتال کا درجہ دیدیا ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنے ایک ٹویٹ میں کہی وزیراعلیٰ نے کہا کہ رواں مالی سال کے بجٹ میں ہر ہسپتال کیلئے 50 ملین روپے رکھے گئے ہیں ڈویژن کی سطح پر پروکیورمنٹ کمیٹیاں تشکیل دیدی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جن ہسپتالوں کو نیچنگ کا درجہ دیا گیا ہے ان میں لورالائی، پنج، خضدار، ژوب، قلعہ عبداللہ، سبی، نصیر آباد، قلات، جام غلام قادر ہسپتال حب، نوشکی اور پنجگور شامل ہیں۔

شال بقیہ 22

کے ساتھ ہی ہر طرف ٹوپی اور اجرکوں کی بہاریں تھیں، شہر شہر، قریہ قریہ عید جیسا سماں تھا، بچے، بڑے، بزرگ اور خواتین نئے ملبوسات زیب تن کیے، کاندھے پر اجرک اور سر پر ٹوپی پہن کر سندھ کا ثقافتی دن مناتے نظر آئے۔ ہر سال دسمبر کے پہلے اتوار کو سندھ کے باسی سندھی یوم ثقافت کو عید کے تہوار کی طرح مناتے ہیں۔ سندھی ثقافت کے عالمی دن کے موقع پر سندھ دھرتی کی قدیم ثقافت کو اجاگر کرنے کے لیے شہنائی اور طنبورے کے ساز پر گائے جانے والے لوک گیتوں پر شرکا والہانہ انداز میں سر دھنتے ہوئے سندھ دھرتی کے اظہار کرتے ہیں۔ کراچی میں یوم ثقافت کی مرکزی تقریب کراچی پریس کلب، فوارہ چوک اور وائے ایم سی اے گراؤنڈ کے سامنے منعقد ہوئی۔ فوارہ چوک اور گورنر ہاؤس سے کراچی پریس کلب تک لوگوں کا ہجوم نظر آرہا تھا۔

شال بقیہ 23

میر عارف محمد حسنی نے کارڈیک سی سی یو اور انجیو گرافی لیب کا معائنہ کیا اور مریضوں کی خیریت اور انہیں فراہم کی جانے والی علاج معالجے کی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا مریضوں نے سول ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر میر عارف محمد حسنی کو انجیو گرافی لیب میں اسسٹنٹ پروفیسر کارڈیالوجی ڈاکٹر فضل الرحمن اور ڈاکٹر ہاشم نے لیب میں ہونے والی انجیوگرافی اور انجیو پلاسٹی کے بارے میں تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو طبی سہولیات اور ہسپتالوں ادویات سمیت دیگر سامان کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ انہوں نے ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ، شعبہ امراض قلب کے ڈاکٹروں اور انکی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور ہسپتال کو درپیش مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 24

تہذیب اور ثقافت کے حوالے سے منفرد اہمیت کی حامل ہے۔ گزشتہ روز اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی سندھ کے ثقافتی دن پر سندھ کے عوام کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ سندھ کی ثقافت کا شمار دنیا کی قدیم ثقافتوں میں ہوتا ہے بلکہ صوبہ سندھ دنیا کی خوبصورت تہذیبوں کا گہوارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اپنی قدیم تہذیب اور ثقافت کے حوالے سے منفرد اہمیت کی حامل ہے گلچر ڈے منانے کا مقصد تہذیب و تمدن اور ثقافت کے اظہار کا بہترین ذریعہ بھی ہے باشعور قومیں ہر عہد میں اپنی ثقافت کو اپنی پہچان سمجھتی ہیں سندھی ٹوپی اور اجرک سندھ کی متنوع ثقافت کی کل رنگ علامت ہے زندہ قومیں ہمیشہ اپنی ثقافت کو یاد رکھتی ہیں ثقافتی تہوار منانے سے قومی یکجہتی کو فروغ ملتا ہے۔

شال بقیہ 25

سے انحراف ہے ملک آئین کے مطابق چلے تو نظام بہتر ہوجائے گا، ہمارا اختلاف اس سوچ سے ہے جس نے نوجوان کو بے روزگار کیا، مہنگائی کی، ووٹ کو عزت نہ دی، پی

کورونا وائرس سے مزید 58 افراد چل بسے 3308 کیسز سامنے آگئے

ملک بھر میں کورونا وائرس سے مجموعی اموات کی تعداد 8 ہزار 361 ہوگئی ملک بھر میں کورونا وائرس کے کیسز کی تعداد 4 لاکھ 16 ہزار 499 ہوگئی

2 ہزار 483 مریض صحتیاب ہوئے، ملک بھر میں کورونا وائرس سے صحتیاب ہونے والوں کی تعداد 3 لاکھ 55 ہزار 12 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں کورنا وائرس سے مزید 58 افراد چل بسے، 3308 کیسز سامنے آگئے۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 3 ہزار 308 افراد کورونا وائرس کا شکار ہوئے، ملک بھر میں ایکٹو کیسز کی تعداد 53 ہزار 126 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 58 افراد کی اموات ہوئی۔ این سی او سی کے مطابق ملک بھر میں کورونا وائرس سے مجموعی اموات کی تعداد 8 ہزار 361 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 2 ہزار 483 مریض صحتیاب ہوئے، ملک بھر میں کورونا وائرس سے صحتیاب ہونے والوں کی تعداد 3 لاکھ 55 ہزار 12 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق ملک بھر میں کورونا وائرس کے کیسز کی تعداد 4 لاکھ 16 ہزار 499 ہوگئی، سندھ میں بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

اسلام آباد پولیس اوپیز کی خلاف ورزی اور کرونا وائرس کے خدشہ کے پیش نظر فیصل مسجد کے اندرونی حال کو سیل کیا جارہا ہے

صوبائی دارالحکومت میں ترقیاتی کام کا کوئی میگا پراجیکٹس نہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

مہنگائی کے حوالے سے وزراء کے پاس حکومتی کارکردگی کے دفاع کیلئے کچھ نہیں

مہنگائی و بدعنوانی کنٹرول کرنے، بھاری قرضے، حکومتی سطح پر شاہ خرچیاں کم کرنے میں حکومت ہر طرح ناکام ہوئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ مہنگائی کے حوالے سے وزراء کے پاس حکومتی کارکردگی کے دفاع کے لیے کچھ نہیں۔ مہنگائی و بدعنوانی کنٹرول کرنے، بھاری قرضے اور حکومتی سطح پر شاہ خرچیاں کم کرنے میں حکومت ہر طرح ناکام ہوئی ہے، ہر شخص پریشان اور ہر طبقے احتجاج پر ہیں۔ بدقسمتی سے صرف وزیر اعظم مطمئن باقی بائیس کروڑ عوام پریشان ہیں۔ تجارتی خسارہ 9.69 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری، لاقانونیت بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

کنٹونمنٹ کوئٹہ اور ایف سی کی مشترکہ کارروائی، 12 کروڑ روپے کی 24 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں قبضے میں لے لیں

کوئٹہ (این این آئی) کسٹمز کوئٹہ اور ایف سی نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے 12 کروڑ روپے کی 24 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں قبضے میں لے لیں۔ کسٹمز حکام کے مطابق گزشتہ رات چیف کلکٹر کسٹمز بلوچستان گل رحمان اور کلکٹر پریوٹو بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

قرضہ کمیشن کی ابتدائی رپورٹ مکمل ہوگئی، سنسنی خیز انکشافات

قرضہ کمیشن نے ابتدائی تحقیقات کے بعد حتمی تحقیقات کیلئے اہم کیسز نیب کے حوالے کر دیئے

آصف زرداری کے دبئی اور نواز شریف کے زیادہ تر دورے لندن کے تھے، نجی دوروں پر خرچ ہونے والی رقم ملکی خزانے سے ادا کی جاتی رہی، مراد سعید

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کی ہدایت پر قائم قرضہ کمیشن کی ابتدائی رپورٹ مکمل ہوگئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق قرضہ کمیشن نے ابتدائی تحقیقات کے بعد حتمی تحقیقات کیلئے اہم کیسز نیب کے حوالے کر دیئے، آصف زرداری کے خلاف جعلی اکاؤنٹس کیس سے متعلق بھی تہلکہ خیز انکشافات ہوئے ہیں، وزارت مواصلات کے کنٹریکٹرز بھی جعلی اکاؤنٹس میں پیسہ بھجوانے میں ملوث نکلے۔ وفاقی وزیر مراد سعید نے دعویٰ کیا کہ قرضہ کمیشن بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

پشاور، صوبائی وزیر زراعت لائیو سٹاک و فشریز محب اللہ خان مدہ شور میں عوامی مسائل سن رہے ہیں

پی ڈی ایم کے کامیاب جلسوں سے سلیکٹڈ وزیر اعظم اور کابینہ بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں، نورالدین کاکڑ

پی ڈی ایم کی تحریک نااہل اور دوٹ چور حکمرانوں کو گھر بھیج کر ہی ختم ہوگی، صدر پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے کامیاب جلسوں سے سلیکٹڈ وزیر اعظم اور انکی کابینہ بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں پی ڈی ایم کی تحریک نااہل اور دوٹ چور حکمرانوں کو گھر بھیج کر ہی ختم ہوگی، اپوزیشن جماعتوں کو جھوٹے مقدمات اور گرفتاریوں سے ڈرایا دھمکایا نہیں جاسکتا اب نااہل حکمرانوں کے دن گنے جاچکے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ سٹی کے دفتر میں پارٹی کے عہدیداروں اور کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ نورالدین کاکڑ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد جماعت ہے جس میں ہر زبان سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل ہیں۔

حب، سندھی کلچر ڈے جوش و جذبے سے منایا گیا

سندھی بلوچ اتحاد کمیٹی کی جانب سے سندھیوں سے اظہار یکجہتی نئے بچوں نے بھی خوب جوش دکھایا

لسبیلہ (این این آئی) حب میں سندھی کلچر ڈے جوش و جذبے سے منایا گیا سندھی بلوچ اتحاد کمیٹی کی جانب سے سندھیوں سے اظہار یکجہتی نئے بچوں نے بھی خوب جوش دکھایا اتوار کے روز بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں بلوچ سندھی کمیونٹی اتحاد کی جانب سے سندھی کلچر ڈے جوش و جذبے سے منایا سندھی اجرک ٹوپی ڈے کے موقع پر حب میں نوجوانوں، بزرگوں سمیت چھوٹے بچوں نے بھی سندھی ٹوپی اور اجرک زیب تن کر کے سندھی ثقافت کا خوب رقص کیا سندھی بلوچی کمیونٹی اتحاد کے علی اصغر محمد، ذوالفقار پال، حاجی وزیر مری، سیف اللہ محمد اور پی ایس او بلوچ کے سابق صوبائی صدر حنیف بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی آئی ڈی ایس پی اور محکمہ صحت کے اشتراک سے منعقدہ کمیونٹی مڈوائفری کی سرٹیفکیٹ تقسیم کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

نوجوان نسل کو تعلیم اور تربیت پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، علامہ عبدالغنی

تعلیم ہی کے ذریعے ترقی ممکن ہے تعلیم اور تربیت کے بغیر کسی بھی قوم نے ترقی نہیں کی ہیں

چمن (آن لائن) مدرسہ عربیہ تحسین القرآن واقرا یت اعظم للاطفال مڈل سکول چمن کے سالانہ رزلٹ و دستار فضیلت تقریب سے رکن مرکزی شوریٰ جمعیت علما اسلام پاکستان فرزند وجانشین علامہ عبدالغنی، حضرت مولانا حافظ محمد یوسف، اور حضرت مولانا عبدالرحمن سلیم اور ادارہ بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

متحدہ اپوزیشن جماعتوں کے زیر اہتمام 8 دسمبر کا احتجاجی مظاہرہ ملتوی کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) متحدہ اپوزیشن جماعتوں کے زیر اہتمام 8 دسمبر بروز منگل صبح 11 بجے گیس پریشر کی کمی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، پینے کی پانی کی قلت اور تاریخی مہنگائی کیخلاف بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

ووٹ کو عزت دو کی مشعل تھامے قوم کو راہ پر لیکر چل نکلا ہوں

میر اقصور یہ ہے میں ووٹ کی عزت دو کی مشعل تھامے قوم کو راہ پر لے کر چل نکلا ہوں' 22 کروڑ عوام سرخرو ہونگے

اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک ملک میں حقیقی جمہوریت اور آئین و قانون کی حکمرانی کا سورج طلوع نہیں ہو جاتا، سابق وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم و مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ اور نااہل حکمرانوں کی حکومت ہچکولے کھاتے اور آخری سانسیں لیتی ہوئی نظر آرہی ہے، کچھ قوتوں کی خواہش ہے کہ قوم کے اگلے 73 سال بھی ایسے گزریں جیسے پہلے گزر گئے ہیں، منظم پراپیگنڈے کے تحت سچ کو جھوٹ اور جھوٹ کو سچ، سیاہ کو سفید اور سفید کو سیاہ کرنے کا کام کیا جارہا ہے، ووٹ کو عزت دو کی مشعل تھامے قوم کو راہ پر لیکر چل نکلا ہوں، ہم بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

منگچر، ٹکری شفقت اللہ لانگو، ڈیرہ عطا محمد مینگل کی لانگو، ایم پی اے اختر حسین لانگو و دیگر کا قبائلی جرگے سے تصفیہ کے دوران گروپ فوٹو

معاشرے کو چوروں اور عام لوگوں میں فرق کرنا ہوگا، حاجی سیف اللہ خان کاکڑ

اپوزیشن کو کسی ایشوز سے کوئی دلچسپی نہیں وہ صرف اور صرف اپنی چوری بچانے کیلئے جلسے کر رہی ہے، صدر پی ٹی آئی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) معاشرے کو چوروں اور عام لوگوں میں فرق کرنا ہوگا اپوزیشن کو کسی ایشوز سے کوئی دلچسپی نہیں وہ صرف اور صرف اپنی چوری بچانے کیلئے جلسے کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے صدر حاجی سیف اللہ خان کاکڑ نے پارٹی کارکنوں کے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بی بی سی کے پروگرام بارہ ٹاک میں اسحاق ڈار کے ساتھ جو کچھ ہوا وہ پوری دنیا نے دیکھا اور اب تو پوری دنیا جان چکی ہے کہ نواز شریف ملک کی دولت لوٹ بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

لیویز فورس کچھی عوام اور مسافروں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے، ملک محمد سیف لاشاری

کوئٹہ سے گندھاوا آنیوالی مسافر وین کو تحصیل سنی کے علاقے میں دوسری مرتبہ لوٹنے کے واردات کی پرزور مذمت کرتے ہیں

جھل مگسی (این این آئی) پیپلز پارٹی ضلع جھل مگسی کے صدر ملک محمد سیف لاشاری نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کوئٹہ سے گندھاوا آنے والی مسافر وین کو تحصیل سنی کے علاقے میں دوسری مرتبہ لوٹنے کے واقعہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کچھی انتظامیہ امن امان بحال کرنے میں ناکام ہو چکی ہے دن دیہاڑے مسافروں کو سنی روڈ لوٹ مار کر کے ڈاکو سرعام فرار ہونے بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

جھل مگسی، حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے پاکستان کی عوام شدت مشکلات میں مبتلا ہیں، مولانا شاہد محمود

حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے پاکستان کی عوام شدت مشکلات میں مبتلا ہیں' مظاہرے سے خطاب

جھل مگسی (این این آئی) جھل مگسی کے ہیڈ کوارٹر گندھاوا میں پی ڈی ایم کی کال پر جمعیت علما اسلام جھل مگسی کی جانب سے حکومت کے خلاف ریلی نکالی گئی دنیا چوک پر احتجاجی مظاہرہ بھی کیا گیا جھل مگسی کے ہیڈ کوارٹر گندھاوا میں جمعیت علما اسلام جھل مگسی کے امیر مولانا شاہد محمود کی قیادت میں پاکستان ڈیموکریٹک الائنس کے مرکزی صدر مولانا فضل الرحمن کی کال پر مرکزی جامع مسجد اڈہ والی گندھاوا سے دنیا چوک تک حکومت مخالف ریلی نکالی بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلے میں 7 دسمبر کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی فیڈر سے دن 12 بجے تا سہ پہر 3 بجے بجلی بند رہے گی، نیز 9 دسمبر کو اسی گرڈ کے مالک فیڈر سے دن 12 بجے سے بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

لورالائی شہر میں میونسپل کمیٹی فوری اور ہنگامی طور پر صفائی مہم کا آغاز کرے، عوامی حلقے

کورونا وائرس کے پیش نظر بھی ہمیں صفائی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے

لورالائی (این این آئی) لورالائی شہر میں میونسپل کمیٹی فوری اور ہنگامی طور پر صفائی مہم کا آغاز کرے کورونا وائرس کے پیش نظر بھی ہمیں صفائی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے اس وقت شہر میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر پڑے ہوئے ہیں جس سے راہ چلتے راہگیروں کو بدبو سے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

کوئٹہ جناح ٹاؤن پولیس تھانے کے اہلکاروں کے رویے نے علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن بنادی

علاقہ مکینوں کی اعلیٰ حکام اور آئی جی پولیس سے تھانے کے اہلکاروں کیخلاف عوام کو تنگ کرنے کا نوٹس لینے کی اپیل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ جناح ٹاؤن پولیس تھانے کے اہلکاروں کے رویے نے علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے مختلف حیلے بہانوں سے علاقہ مکینوں کو تنگ کیا جارہا ہے گھروں کے سامنے کھڑی گاڑیوں پر دروازے کھٹکھٹا کر کاغذات مانگے جاتے ہیں سوا سلف لینے بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

لاہور وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار ایکسپو سنٹر لاہور میں از سر نو فعال کئے گئے فیلڈ ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

امریکا نے چین کی رقوم سے چلنے والے تبادلہ کے پانچ پروگرام منسوخ کر دیئے

یہ پروگرام ثقافتی تبادلے کے پردے میں پروپیگنڈے کے حربے کے طور پر استعمال کیے جارہے تھے، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے محکمہ خارجہ نے چین کی رقوم سے چلنے والے تبادلے کے پانچ ثقافتی تعلیمی پروگرام منسوخ کر دیے ہیں۔ اس نے کہا ہے کہ یہ "ثقافتی تبادلے" کے پردے میں پروپیگنڈے کے حربے کے طور پر استعمال کیے جارہے تھے۔ امریکا کے انٹیلی جنس حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ گذشتہ چند سال سے امریکی جامعات چین کی جاسوسی کی سرگرمیوں کا آسان ہدف بن چکی ہیں۔ امریکا کی درجہ بندی میں سرفہرست جامعات میں تعینات بعض پروفیسروں اور زیر تعلیم طلبہ پر چین کے لیے جاسوسی بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

عوام موجودہ سلیکٹڈ حکومت سے بے زار آچکے ہیں، مولانا غلام قادر قاسمی

مہنگائی کرپشن کے سابق تمام ریکارڈ توڑ دیئے گئے ہیں نائب امیر جمعیت علمائے اسلام پاکستان

لسبیلہ (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ لسبیلہ کی جانب سے ملک بھر کی طرح بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں بھی واقعہ ملتان کے خلاف ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکاء نے قومی شاہراہ کا گشت کیا اور حکومت کے خلاف نعرے بازی کی ریلی میں پی ڈی ایم میں شامل تمام اتحادی جماعتوں کے ضلعی رہنماؤں اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

13 دسمبر کو عوام کا فاطمیین مارٹا سمندر آنا اور چینی چوروں کی سیاست کا بوریا بستر گول کر دیگا، رانا تنویر حسین

کالا شاہ کاکو (این این آئی) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ 13 دسمبر کو عوام کا فاطمیین مارٹا سمندر آنا اور چینی چوروں کی سیاست کا بوریا بستر گول کر دیگا۔ مکار حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں نے مہنگائی اور بیروزگاری کی ستائی عوام کو اجتماعی خودکشیوں پر مجبور کر دیا ہے۔ چور دروازے سے عوام پر مسلط ہونیوالی حکومت کے خاتمے تک تحریک جاری رہے گی۔

صوبائی، ماربل فیکٹریوں کی وجہ سے عوام عذاب میں مبتلا ہو گئے

صوبائی (این این آئی) موضع بندے اوبو میں ماربل فیکٹریوں کی وجہ سے عوام عذاب میں مبتلا ہو گئے۔ ایک اخباری بیان میں علاقے کے سماجی کارکن شبیر حسن نے کہا کہ بندے اوبو گاؤں میں تقریباً تمام ماربل فیکٹریاں عام آبادی کے وسط میں واقع ہونے کی وجہ سے عوام کا جینا عذاب بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

تخریب کاری سے متاثرہ 132KV دروازہ اسپلنی ٹرانسمیشن لائن کے گرے ٹاور کی مرمت و بحالی کا کام مکمل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان کے مطابق تخریب کاری سے متاثرہ 132KV دروازہ اسپلنی ٹرانسمیشن لائن کے گرے ہوئے ٹاور کی مرمت و بحالی کا کام مکمل کر لیا گیا ہے اور اب اس سرکٹ سے بجلی کی فراہمی معمول کے مطابق جاری ہے۔

معیاری آٹے کی ترسیل کو ہر صورت ممکن بنایا جائے، عبدالرحمن کھیتران

صوبہ میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کی نگرانی اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خوردنی اشیاء کی فروخت کو یقینی بنایا جائے گا

زائد المعیاد اور مضر صحت اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی عمل میں لائی جائے گی، صوبائی وزیر خوراک و بہبود آبادی

لاہور چیمبر پارٹی لاہور کے زیر صدر صدر صدیقی کے ختم میں 13 دسمبر کو جلسے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے عزیز الرحمن چن خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک و بہبود آبادی و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ صوبہ میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کی نگرانی اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خوردنی اشیاء کی فروخت کو یقینی بنایا جائے گا۔ جبکہ زائد المعیاد اور مضر صحت اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی عمل میں لائی جائے گی۔ عوام اور پرائس کنٹرول کمیٹی خود سائنٹیفک قیمتیں مقرر کرنے اور لوگوں کو مہنگے اور غیر معیاری اشیائے خورد و نوش فروخت کرنے والوں پر کڑی نظر رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کیا ہے۔ انہوں بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

جے یو پی آئندہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، ناظم علی آرائیں

حیدرآباد (این این آئی) جمعیت علماء پاکستان (نورانی) سندھ کے جنرل سیکرٹری ناظم علی آرائیں نے کہا ہے کہ جے یو پی آئندہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، کارکن بلدیاتی انتخابات کی تیاری کریں، 1986ء سے حیدرآباد پر مسلط لسانی گروہ نے شہر کو مقتل گاہ بنا کر سندھ کے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا اور دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا صوبائی نائب صدر اصغر علی ترین رکن مرکزی کمیٹی عبیداللہ عابد ضلعی سینئر نائب صدر عبدالباری غرشین نے پشین میں پارٹی رکن انعام اللہ کے والد کی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ نوابزادہ شاہ زین بگٹی کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ نوابزادہ شاہ زین بگٹی نے جمہوری وطن پارٹی کے راہنما شہید وطن نواب اکبر خان بگٹی کے دیرینہ ساتھی سابق ایم پی اے سید مہتاب شاہ کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

حب میں سندھی کلچر ڈے جوش و جذبے سے منایا گیا

لسبیلہ (این این آئی) حب میں سندھی کلچر ڈے جوش و جذبے سے منایا گیا سندھی بلوچ اتحاد کمیٹی کی جانب سے سندھیوں سے اظہار یکجہتی نئے بچوں نے بھی خوب جوش دکھایا اتوار کے روز بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں بلوچ سندھی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

مظلوم اقوام کی زبان، ثقافت کو سازش کے تحت ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، ملک نصیر احمد شاہوانی

ہزاروں سالہ ہماری ثقافتیں ہی اس خطے کی اصل شناخت اور پہچان ہیں، رہنما نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن و صوبائی گلچر سیکرٹری ملک نصیر احمد شاہوانی نے کہا ہے کہ ملک میں مظلوم اقوام کی زبان اور ثقافت کو ایک سازش کے تحت ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ہزاروں سالہ ہماری ثقافتیں ہی اس خطے کی اصل شناخت اور پہچان ہیں، سندھی زبان اور گلچر سندھی عوام کی قومی شناخت ہے اور اسکو پروان چڑھانے میں ہزاروں سالوں کا تاریخی سفر کارفرما بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

پنجگور، ڈپٹی کمشنر کا پروم بارڈر پر لیویز اہلکاروں کے ہاتھوں شہری پر تشدد کا نوٹس

ملوث دو اہلکاروں کو معطل کر کے ان کیخلاف محکمانہ کارروائی کا حکم جاری کر دیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی کا پروم بارڈر پر لیویز اہلکاروں کے ہاتھوں شہری پر تشدد کا سختی سے نوٹس واقعہ میں ملوث دو اہلکاروں کو معطل کر کے ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کرنے کا حکم جاری کر دیا ضلعی انتظامیہ کی طرف سے جاری کردہ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالرزاق ساسولی نے عوامی شکایت اور سوشل میڈیا میں شہری پر تشدد کی وڈیو سوشل میڈیا میں وائرل ہونے پر فوری ایکشن لیتے ہوئے دو لیویز اہلکاروں کو معطل کر دیا ہے پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ لیویز ملازمین عوام کے خادم ہیں جن کے ذمہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ہے کسی اہلکار کو یہ اجازت نہیں دیتے کہ وہ شہریوں پر تشدد کرے معطل اہلکاروں کے خلاف ضابطے کی کارروائی کی جاری ہے انہوں نے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

کوئٹہ 'پارلیمانی انتخابات کے لیے پولنگ کے بعد ووٹوں کی گنتی جاری

ان انتخابات میں کل 326 امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہے' ان میں 33 خواتین امیدوار بھی شامل ہیں

کوئٹہ سٹی (این این آئی) کوئٹہ میں ہفتے کے روز پارلیمانی انتخابات کے لیے پولنگ کے بعد ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ کوئٹہ حکام کا کہنا ہے کہ کرونا وائرس کو پھیلنے سے روکنے کے لیے سخت احتیاطی تدابیر کے باوجود پارلیمانی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی بہتر شرح متوقع ہے۔ کوئٹہ کی اہل کورٹ کے ایک نمائندہ نے ایک پولنگ مرکز پر العربیہ سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ "ہم 50 فی صد سے زیادہ ووٹر ٹرن آؤٹ کی توقع کر رہے ہیں جبکہ بیشتر پولنگ اسٹیشنوں سے کوئی شکایات نہیں ملی ہیں۔ ہم نے آج بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

پاکستان کے غیور عوام اسرائیل کے وجود کو کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے، صاحبزادہ وزیر

وزیر اعظم اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کا واضح اعلان کر چکے ہیں پھر کیوں ان کے وزراء اسرائیل میں خفیہ ملاقاتیں کر رہے ہیں

حیدرآباد (این این آئی) جمعیت علماء پاکستان (نورانی) کے مرکزی صدر سابق ایم این اے ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے کہا ہے کہ پاکستان کے غیور عوام اسرائیل کے وجود کو کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے، پاکستان کے وزراء کی تل ابیب میں اسرائیل نمائندوں سے ملاقات پر قوم میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے، وزیر اعظم اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کا واضح اعلان کر چکے ہیں پھر کیوں ان کے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

پولیس عوام کے ٹیکسوں سے تنخواہ اور مراعات اٹھا رہی ہے، سول سوسائٹی تپ

پنجگور (این این آئی) سول سوسائٹی تپ نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پولیس عوام کے ٹیکسوں سے تنخواہ اور مراعات اٹھا رہی ہے اس کے فرائض میں عوام کے جان و مال کا تحفظ شامل ہے مگر اپنے اصل کام سے ہٹ کر پولیس لوگوں کے لیے خوف و دہشت کی علامت بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ہر محب وطن شہری صاف ستھرے ماحول کو یقینی بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے، اشتیاق ارمڑ

پی ٹی آئی حکومت عوام کے ساتھ مخلص ہے اور بلا امتیاز عوامی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر جنگلات، ماحولیات و جنگلی حیات سید اشتیاق ارمڑ نے کہا ہے کہ ملک اور قوم کو ان دنوں کرونا وائرس جیسے نازک حالات کا سامنا ہے لہٰذا وقت کا تقاضا ہے کہ ہر محب وطن شہری صاف ستھرے ماحول کو یقینی بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے اور آلودہ ماحول و مہلک امراض سے بچنے کیلئے زیادہ سے زیادہ شجرکاری کرے۔ وہ پشاور میں اپنی رہائش گاہ پر علاقہ معززین سے بات چیت کر رہے تھے۔ صوبائی وزیر نے کرونا وائرس، ماحولیاتی آلودگی اور دیگر مہلک امراض بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اسماعیل خان، مسلح ڈکیت سپلائی وین میں سوار دو ملازمین سے اسلحہ کی نوک پر نقدی چھین کر فرار

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) پونده گیٹ کے قریب مسلح ڈکیت نے الحمد ٹریڈرز کی سپلائی وین میں سوار دو ملازمین سے اسلحہ کی نوک پر 1 لاکھ 67 ہزار روپے چھین لئے اور موقع سے فرار ہو گئے، سٹی پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق الحمد ٹریڈرز کی سپلائی وین میں سوار دو ملازمین محمد جنید مصطفیٰ اعوان سکنہ گنڈی عمر خان اور غلام نبی سامان کی سپلائی اور ریکوری کے بعد واپس آرہے تھے کہ رش کی وجہ سے پونده گیٹ کے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

عوامی تعاون کے بغیر پولیس جرائم پر قابو نہیں پا سکتی، پری گل ترین

روایتی پولیس کلچر تبدیل کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے، ایس ڈی پی او کینٹ سرکل

کینٹ سرکل میں خواتین کی شکایات درج کرنے کیلئے علیحدہ ڈیسک قائم کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) عوامی تعاون کے بغیر پولیس جرائم پر قابو نہیں پا سکتی روایتی پولیس کلچر تبدیل کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے کینٹ سرکل میں خواتین کی شکایات درج کرنے کیلئے علیحدہ ڈیسک قائم کر دیا یہ باتیں ایس ڈی پی او کینٹ سرکل اے ایس پی پری گل ترین نے بگٹی گھر پولیس تھانہ میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پولیس فورس معاشرے سے جرائم کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے پولیس افسران و اہلکار دیگر سرکاری محکموں کی نسبت 24 گھنٹے فرائض انجام دے بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

بی ٹی آئی حکومت غریب کیلئے ڈراؤنا خواب بن چکی ہے

معیشت کو پٹڑی پر ڈالنے کے دعوے کرنے والے آٹے دال کا بھاؤ معلوم کریں

آکسیجن نہ ملنے پر خیبر ٹیچنگ ہسپتال میں آٹھ مریضوں کی موت بڑا سانحہ، فوری تحقیقات کی جائیں، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت غریب کے لیے ڈراؤنا خواب بن چکی ہے، غربت مہنگائی کے مارے عوام دن رات تبدیلی کو کوسنے پر مجبور ہیں۔ معیشت کو پٹڑی پر ڈالنے کے دعوے کرنے والے آٹے دال کا بھاؤ معلوم کریں۔ آکسیجن نہ ملنے پر خیبر ٹیچنگ ہسپتال میں آٹھ مریضوں کی موت بڑا سانحہ، فوری تحقیقات ہوں۔ ان بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر